

اَللّٰھُمَّ

190

سے شروع ہونے والی

مستند دعاؤں کا مجموعہ

وَلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا

اور اے میرے پروردگار میں کبھی تجھ سے دعا مانگ کر نامراد نہیں رہا

سورۃ 19 مریم آیت 4

مرتب
محمد عمر خان

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب	اَللّٰھُمَّ سے شروع ہونے والی 190 مستند دعاؤں کا مجموعہ
جمع وترتیب	محمد عمر خان Muhammad Umar Khan
کمپوزنگ Designing & Setting	عرفان اسلم IRFAN ASLAM
تصحیح	محمد زبیر شیخ Muhammad Zubair Sh.
تعداد اشاعت	1000 — ایڈیشن اول — شعبان 1442ھ // مارچ 2021
پبلشرز اینڈ پرنٹرز	حیّ علی الفلاح™ محمد عمر خان 0300-6366221 0334-6066221

سند

اس کتاب میں درج ہر لفظ کو میں نے حرف بحرف پورے غور وخوض اور نظر عمیق سے دیکھا ہے اور میں تصدیق کرتا ہوں کہ اس میں کتابت اعراب، صحت لفظی اور خوشخطی کو بطریق احسن ملحوظ رکھا گیا ہے اور ممکنہ حدتک مکمل مسودہ ہر قسم کی اغلاط سے مبرأ ہے

مُصحّح کا کتاب کے متن سے اتفاق ضروری نہیں

فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ الْجَزَاءِ

محمد زبیر شیخ فاضل جامعہ محمدیہ ملتان

ملنے کا پتہ

محمد عمر خان حیّ علی الفلاح® پبلشرز اینڈ پرنٹرز

پرانی غلہ منڈی گلی بن لوہاراں، بوہڑ گیٹ ملتان

0334-6066221
061-4586619
061-4588801

0300 - 0322 0310 - 0347 6366221

mukmultan@gmail.com
www.facebook.com/umarkhan061

فہرست

نمبر شمار	فہرست		صفحہ نمبر
1	درود شریف		8
2	صبح اور شام کے شکر کی ادائیگی	صبح شام کی خطاؤں کی معافی	10
3	وہ کلمات جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو ارشاد ہوئے		11
4	علم نافع، پاکیزہ رزق اور مقبول عمل کی دعا		12
5	صبح وشام کی بہتری اور برکت کی دعا		12
6	شام کے وقت اس دعا کو اس طرح پڑھیں		12
7	مصیبتوں سے نجات حاصل کرنے کا نبوی نسخہ (صبح وشام پڑھیں)		13
8	صبح اور شام کی دعائیں	دن بھر کے کاموں کی بھلائی کے لئے دعا	14
9	دوزخ سے نجات اور جہنم سے آزادی		14
10	عافیت مانگنے کی دعا		15
11	دنیا و آخرت کی عافیت کی دعائیں		16
12	4 اہم کلمات	ہر مشکل کی آسانی اور عافیت کی دعا	17
13	سوتے وقت اللہ سے عافیت کا سوال کرنا		17
14	شفاعت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مستحق بنانے والا عمل		18
15	وضو کے بعد کے کلمات کی فضیلت		18
16	ثناء	دو سجدوں کے درمیان کی دعا	19
17	وضو کے بعد کی دعا		19
18	تکبیر تحریمہ کے بعد کی دعا	اچھے اخلاق مانگنے کی دعا	20
19	رکوع کی دعائیں	قومہ کی مسنون دعائیں	22
20	سجدے کی دعائیں		23
21	اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کی دعا	سلام پھیرنے سے قبل کی دعائیں	24
22	معافی کی بہترین دعا		27
23	عذاب قبر، جہنم، فتنہ دجال اور قرض سے پناہ کی دعا		27
24	نماز کے بعد کے کلمات	دعائے قنوت	28
25	دعائے قنوت نازلہ		29
26	مسجد سے نکلتے وقت اللہ کی پناہ طلب کرنا		32

فہرست

نمبر شمار			صفحہ نمبر
27	”اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ“ کہنے کی فضیلت		32
28	مسجد میں داخل ہونے کی دعا		33
29	مسجد سے نکلنے کی دعا	استخارہ کی دعا	33
30	سجدہ تلاوت میں نعمت کے شکر کی توفیق مانگنا		34
31	تہجد کی ایک نوری دعا		35
32	زندگی کے آخری لمحات کی دعا	بری موت سے تحفظ کی دعا	36
33	شہادت اور مدینہ میں وفات پانے کے لئے دعا		36
34	موت اور حساب کی سختیوں سے حفاظت		37
35	حساب کی آسانی کی دعا	شوہر کی وفات پر پڑھنے کی دعا	37
36	میت بچے کو عذاب قبر سے محفوظ رکھنے کی دعا		37
37	میت کے لئے اللہ کی ہمسائیگی مانگنے کی دعا		38
38	خلوص نیت سے دعا کرنا	جنازہ میں تیسری تکبیر کے بعد کی دعا	38
39	نابالغ لڑکے کے لئے دعا		39
40	نابالغ لڑکی کے لئے دعا		40
41	میت کے لئے قبر کی وسعت اور نور کی دعا		40
42	میت کے بلند درجات کے لئے دعا	میت کی بیوی کو دعا دینا	41
43	میت کے گھر والوں کے لئے دعا		41
44	میت کے لئے فتنہ قبر سے بچنے کی دعا	سیّد الاستغفار	42
45	گناہوں کی بخشش کی دعا	رحمت اور مغفرت کی دعا	43
46	گناہوں کی معافی کی دعائیں		44
47	توبہ کی قبولیت کی دعا		44
48	بخشش کی دعا	اعلیٰ مجلس کے حصول کی دعا	45
49	آنکھ میں تکلیف کی دعا		45
50	سماعت، بصارت، زبان، دل اور نفس سے پناہ		46
51	شدید نظر لگ جانے پر دعا		46
52	مختلف بری عادات اور بیماریوں سے پناہ		47

فہرست

نمبر شمار	فہرست		صفحہ نمبر
53	مہلک بیماریوں کے تحفظ کے لئے دعا		47
54	مرض کی شدت اور زندگی سے بیزاری کے وقت کی دعا		47
55	دل کی صفائی اور آنکھوں کی خیانت سے بچنے کی دعا		48
56	بیماری میں کمی کی دعائیں		48
57	مریض کی پیشانی، سینے اور پیٹ پر ہاتھ پھیر کر دعا پڑھنا		49
58	بے خوابی کا علاج		49
59	سو کر اٹھتے وقت کی دعا		50
60	اسلام پر خاتمے کے لئے سونے سے پہلے کی دعا		50
61	بستر پر جانے کا مسنون طریقہ اور دعائیں		51
62	رسول اللہ ﷺ کی دعا حضرت انس رضی اللہ عنہ کے لئے		54
63	رزق اور گھر میں برکت کی دعائیں		54
64	رزق کی کشادگی کی دعا	قرضوں کے بوجھ سے نجات کی دعا	55
65	رزق میں اضافے کی دعا	اولاد کے رزق میں برکت کی دعا	56
66	دوسروں کے رزق میں برکت کی دعا		56
67	سماعت، اطاعت اور قرآن مجید پر عمل کرنے کی دعا		56
68	قرآن مجید سے رہنمائی لینے کی دعا	بیت الخلاء میں جانے کی دعا	57
69	کھانے میں برکت کی دعا		58
70	کھانے پینے کے بعد رزق میں برکت کی دعا کرنا		58
71	نیا لباس پہننے کی دعا		58
72	دودھ پینے کے بعد کی دعا		59
73	کسی کے ہاں کھانا کھانے کے بعد کی دعائیں	سفر کی دعا	59
74	سفر شروع کرتے وقت کی دعا	سفر کے دوران پڑھنے کی دعا	60
75	جب کوئی سواری خرید لے تو اس پر ہاتھ رکھ کر یہ پڑھے		61
76	جو سوار سواری پر جم کر نہ بیٹھ سکے اس شخص کے لئے دعا		61
77	مسافر کے لئے سفر میں آسانی کی دعا	سفر میں اللہ سے مدد مانگنے کی دعا	61
78	سفر میں مشقتوں سے پناہ طلب کرنا	کسی بستی میں داخل ہوتے وقت کی دعا	62

فہرست

نمبر شمار			صفحہ نمبر
79	اللہ کی حمد کے ساتھ جہنم سے پناہ کی دعا		63
80	جنت کے حصول اور آگ سے پناہ کی دعا	جنت الفردوس مانگنے کا حکم	63
81	آخرت کے دن کی رسوائی سے بچنے کی دعا		64
82	دنیا اور قیامت کے دن کی تنگی سے پناہ مانگنا		64
83	دینی سمجھ اور ہدایت کے لئے دعا		64
84	ضرورت سے زائد بارش ہو جائے تو دعا پڑھے		64
85	مساکین سے محبت کی دعا		64
86	اضافہ، عزت و عظمت اور نعمتوں کے حصول کے لئے دعا		65
87	بدفالی سے کراہیت کی دعا	بہترین شکر ادا کرنے کی دعا	65
88	ظاہری و باطنی اعضاء کے اصلاح کی دعا		66
89	حاکموں کے شر سے بچنے کی دعا		66
90	ہر قسم کی خیر کے لئے دعا		67
91	دین، دنیا و آخرت کے سنوارنے کی دعا		68
92	دنیا و آخرت کی بھلائیوں کی جامع دعا		68
93	برے اعمال کے شر سے پناہ	ہر چیز کے شر سے پناہ	69
94	غیر نافع علم سے پناہ کی دعا	چار مضر چیزوں سے تحفظ کی دعا	70
95	برے وقت سے تحفظ کی دعا	بدبختی سے پناہ مانگنے کی دعا	70
96	زوال نعمت سے پناہ مانگنے کی دعا		71
97	قرضوں کے بوجھ، محتاجی اور ذلت سے پناہ مانگنے کی دعائیں		71
98	مال کی کمی اور ذلت سے پناہ	دشمن کے شر سے حفاظت کی دعا	72
99	دشمن کے شر سے پناہ کی دعا		72
100	مجلس میں ہونے والی کوتاہیوں کا کفارہ		72
101	اعلیٰ مجلس کے حصول کی دعا	اسم اعظم کے ساتھ دعا مانگنا	73
102	اللہ کی بہترین حمد و ثناء	تیز ہوا چلنے پر دعا مانگنا	74
103	رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو دعا دی		74
104	ثابت قدمی اور نعمتوں کا شکر ادا کرنے کی دعا		75

فہرست

نمبر شمار			صفحہ نمبر
105	الفت، ہدایت، برکت اور نعمتوں کے شکر کی دعا		75
106	آگ، قبر اور گناہوں سے پناہ کی دعا		76
107	آگ کے فتنے اور عذاب سے پناہ مانگنا		77
108	عاجزی، سستی اور بزدلی سے پناہ		77
109	بخل، بزدلی، انتہائی بڑھاپے سے پناہ کی دعا		77
110	ہر چیز کی بھلائی اور شر سے پناہ کی دعا		78
111	نفاق اور بری عادتوں سے پناہ	تقویٰ کے حصول کی دعا	78
112	محبت الٰہی کے لئے دعا		79
113	حسن عمل اور محبت الٰہی کی دعا	دل کی استقامت کے لئے دعا	79
114	اعمال کے شر سے پناہ کی دعا	ایمان کی پختگی کی دعا	80
115	ایمان کی محبت اور گناہ سے نفرت کی دعا		80
116	نعمتوں کے شکر کی دعا		81
117	باطن، ظاہر، اہل عیال کے لئے دعا		81
118	خوف خدا کے حصول کی دعا		81
119	نفس مطمئنہ کے حصول کی دعا	اسلام پر استقلال کی دعا	82
120	عفت وعزت اور ہدایت مانگنے کی دعائیں		83
121	نفس کے شر سے بچنے کی دعا		84
122	چاند دیکھ کر یہ دعا کریں		84
123	کسی بھی پریشانی، غم اور مصیبت سے چھٹکارے کی دعا		84
124	غصہ دور کرنے کی دعا		85
125	علم سے نفع حاصل کرنے اور اضافہ کی دعا		85
126	شادی شدہ جوڑے کو دینے کی دعائیں		86
127	شادی کی رات بیوی کے پاس جاتے وقت کی دعائیں		86
128	بیوی کی پیشانی پکڑ کر دعا کرنا		87
129	برے پڑوسی، بری اولاد اور چال باز دوست سے پناہ		87
130	علم وحکمت کی دعائیں		87

فہرست

نمبر شمار		صفحہ نمبر
131	بچوں کو دعا دینا	88
132	فضل اور رحمت کی دعا	88
133	ہمیشہ رہنے والی نعمتوں کی دعا	88
134	آگ کے فتنہ اور فقر کے شر سے بچنے کی دعا	89
135	دیئے جانے اور روکے جانے کے شر سے بچنے کی دعا	89
136	بھوک سے پناہ مانگنا	90
137	خادم کی جگہ کفایت کرنے والی دعا	90
138	گھریلو معاملات میں درست فیصلہ کرنے کی دعا	91
139	زیادہ بھلائی والے کام کی دعا	91
140	زبان کی ثابت قدمی اور دل کی ہدایت کی دعا	91
141	گھر والوں کے حقوق ادا کرکے اللہ سے دعا کرنا	91
142	کام میں آسانی کی دعا	92
143	اپنا کوئی نیک عمل بتا کر اللہ کو پکارنا	92
144	حسن اخلاق کی دعا	92
145	گناہوں سے معافی اور حسن اخلاق کے حصول کی دعا	92
146	اعمال کے شر سے پناہ کی دعا	93
147	جس پر کوئی زیادتی کی ہو اس کے لئے دعا	93
148	دوسروں کے دل کی ہدایت کی دعا	93
149	دجال کے فتنوں سے پناہ کی دعا	94
150	آگ سے پناہ کی دعا	94
151	ایمان اور جنت میں رسول اللہ ﷺ کی رفاقت کی دعا	94
152	ہوا (آندھی) چلنے پر خیر کا سوال کرنا	95
153	دشمن کے شر سے بچنے کی دعا	95
154	لاعلمی کی بات کرنے سے پناہ مانگنا	96
155	فتنوں سے بچنے کے لئے موت کی دعا	96
156	جس مومن کو برا بھلا کہا ہو اس کے لئے دعا	96

درود شریف

✲......حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے پوچھا "یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور اہل بیت پر کس طرح درود بھیجیں؟" آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہو:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ O

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ O

ترجمہ یا اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آل محمد پر اسی طرح رحمت بھیج جس طرح تو نے ابراہیم علیہ السلام اور آلِ ابراہیم پر رحمت بھیجی۔ تعریف اور بزرگی تیرے ہی لئے ہے یا اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آلِ محمد پر اسی طرح برکت نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم علیہ السلام اور آلِ ابراہیم پر برکت نازل فرمائی۔ تعریف اور بزرگی تیرے ہی لئے ہے۔ (بخاری: 3370)

✲......رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر 10 مرتبہ رحمتیں نازل کرتے ہیں۔ (مسلم: 408)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ

ترجمہ اے اللہ! نبی امی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آل محمد پر رحمتیں نازل فرما۔ (ابوداؤد: 981)

✲......حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص صبح اور مغرب کی نماز کے بعد کسی سے کلام کرنے سے پہلے 100 بار مندرجہ ذیل درود پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کی 100 ضرورتیں پوری فرماتا ہے۔ 30 دنیا میں اور 70 آخرت میں۔ (جلاء الافہام عربی، ص: 430)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

ترجمہ یا اللہ! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد پر اور ان کی بیویوں پر اور ان کی اولاد پر جیسا کہ تو نے رحمت نازل فرمائی آل ابراہیم پر اور اپنی برکت نازل فرما محمد پر اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد پر جیسا کہ تو نے برکت نازل فرمائی آل ابراہیم پر۔ بے شک تو بہت تعریف والا ہے خوب شان والا ہے۔ (بخاری:3369)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَآلِ اِبْرَاهِيْمَ

ترجمہ اے اللہ! رحمت نازل کر محمد پر جو تیرے بندے ہیں اور تیرے رسول ہیں جس طرح تو نے رحمت نازل کی ابراہیم پر اور برکت بھیج محمد پر اور محمد کی آل پر جس طرح تو نے برکت نازل کی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر۔ (بخاری:6358)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ اے اللہ! محمد پر اور آل محمد پر رحمت نازل فرما، جیسا کہ تو نے ابراہیم پر رحمت نازل فرمائی اور محمد پر اور آل محمد پر برکت نازل فرما جیسا کہ تو نے آل ابراہیم پر برکت نازل فرمائی۔ بے شک تو بہت تعریف والا ہے خوب شان والا ہے۔ (ابوداؤد:976)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ وَعَلٰى اَزْوَاجِهٖ
وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰٓى اَهْلِ بَيْتِهٖ وَعَلٰٓى اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ترجمہ اے اللہ! محمد ﷺ پر اوران کے اہل بیت پر ان کی بیویوں پر اوران کی اولاد پر رحمت نازل فرما جیسے تو نے آل ابراہیم پر رحمت نازل فرمائی، بے شک تو بہت قابل تعریف، بزرگی والا ہے اور محمد ﷺ پر اوران کے اہل بیت پر اوران کی بیویوں پر اوران کی اولاد پر برکت نازل فرما جیسے تو نے آل ابراہیم پر برکت نازل فرمائی بے شک تو تعریف والا ہے خوب شان والا ہے۔ (مسند احمد: 23173)

صبح اور شام کے شکر کی ادائیگی

حضرت عبداللہ بن غنام بیاضی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص صبح کے وقت یہ پڑھے تو اس نے اپنے دن کا شکر ادا کر دیا۔ پھر جو کوئی شام کو یہ کہے تو اس نے اپنی رات کا شکر ادا کر دیا۔

اَللّٰهُمَّ مَآ اَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ (ابوداؤد: 5073)

ترجمہ یا اللہ! صبح کے وقت میں جو نعمتیں میرے پاس ہیں وہ صرف تیری ہی دی ہوئی ہیں۔ تیرا کوئی شریک نہیں ہے پس تیرے لئے ہی حمد ہے اور تیرے لئے ہی شکر ہے۔

(اور شام کے وقت مَآ اَصْبَحَ کی جگہ مَآ اَمْسٰى پڑھے)

صبح شام کی خطاؤں کی معافی

حضرت انس رضی اللہ عنہ بن مالک سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص صبح کے وقت مندرجہ ذیل دعا پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی اس دن کی تمام خطائیں معاف فرما دے گا اور اگر شام کے وقت پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی اس رات کی تمام خطائیں معاف فرما دے گا۔

یہ دعا اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَصْبَحْتُ اُشْهِدُكَ، وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ، وَمَلٰٓئِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ، اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ

ترجمہ یا اللہ! میں نے اس حال میں صبح کی ہے کہ میں تجھ کو اور تیرے عرش اٹھانے والوں کو اور تیرے فرشتوں کو اور تیری تمام خلق کو اس بات پر گواہ بناتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں ہے اور اس بات پر کہ بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے بندے اور رسول ہیں۔ (ابوداؤد:5078)

(شام کے وقت اَصْبَحْتُ کی جگہ اَمْسَيْتُ کہے)

وہ کلمات جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو ارشاد ہوئے

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مجھے ایسی چیز سکھایئے جو میں صبح و شام پڑھا کروں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوبکر رضی اللہ عنہ! یہ پڑھو:

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ رَبَّ كُلِّ شَیْءٍ وَّمَلِيْكَهٗ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطٰنِ وَشِرْكِهٖ وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِیْ سُوْٓءًا اَوْ اَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ (ترمذی:3529، مسند احمد:6597)

ترجمہ اے اللہ! آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے، غیب اور حاضر کے جاننے والے، نہیں کوئی معبود مگر تو ہی، جو ہر چیز کا رب اور مالک ہے۔ میں اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے شر سے اور اس کے پھندوں سے اور اپنی جان پر برائی کرنے سے یا کسی دوسرے مسلمان کے حق میں برائی کرنے سے، حفاظت کے لئے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

علم نافع، پاکیزہ رزق اور مقبول عمل کی دعا

رسول اللہ ﷺ جب فجر کی نماز پڑھ کر سلام پھیر لیتے تو کہتے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَّرِزْقًا طَیِّبًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا (ابن ماجہ:925،مسند احمد:26521)

ترجمہ اے اللہ! میں آپ سے نفع دینے والا علم، پاکیزہ رزق اور مقبول عمل مانگتا ہوں۔

صبح وشام کی بہتری اور برکت کی دعا

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی صبح کرے تو مندرجہ ذیل کلمات پڑھے۔

اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ خَیْرَ ھٰذَا الْیَوْمِ فَتْحَهٗ وَنَصْرَهٗ وَنُوْرَهٗ وَبَرَكَتَهٗ وَھُدَاهُ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّمَا فِیْهِ وَشَرِّمَا بَعْدَهٗ (ابوداؤد:5084)

ترجمہ صبح کی ہم نے اور اللہ کی سلطنت نے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے یا اللہ میں تجھ سے اس دن کی بہتری، اس کی فتح، اس کی مدد اور اس کا نور اور اس کی برکت اور اس کی ہدایت چاہتا ہوں اور اس کی برائی اور اس کے بعد کی برائی سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں۔

شام کے وقت اس دعا کو اس طرح پڑھیں

اَمْسَیْنَا وَاَمْسَی الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ خَیْرَ ھٰذِهِ اللَّیْلَةِ فَتْحَهَا وَنَصْرَهَا وَنُوْرَهَا وَبَرَكَتَهَا وَھُدَاهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّمَا فِیْهَا وَشَرِّمَا بَعْدَهَا

ترجمہ ہم نے شام کی اور سارے عالم نے شام کی اللہ کے لئے جو تمام جہانوں کا رب ہے، اے اللہ! بے شک میں تجھ سے آج کی رات کی بھلائی، اس کی فتح، اس کی مدد، اس کا

نور، اس کی برکت اوراس کی ہدایت مانگتا ہوں اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس شر سے جو اس میں ہے اور جو اس سے پہلے اور جو اس کے بعد ہے۔ (ابوداؤد:5084)

مصیبتوں سے نجات حاصل کرنے کا نبوی نسخہ (صبح وشام پڑھیں)

اَللّٰھُمَّ أَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَالَمْ يَشَأْلَمْ يَكُنْ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ أَعْلَمُ أَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّأَنَّ اللّٰهَ قَدْأَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ رَبِّيْ أَنْتَ اٰخِذٌم بِنَاصِيَتِهَا إِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (ابن سنی:57،عن ابی الدرداء رضی اللہ عنہ)

ترجمہ اے اللہ! آپ ہی میرے پالنے والے ہیں، آپ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے، آپ ہی پر میں نے بھروسہ کیا اور آپ ہی عظیم عرش کے مالک ہیں، جو کچھ اللہ نے چاہا وہ ہوا اور جو اللہ نے نہیں چاہا وہ نہیں ہوا اور گناہوں سے بچنے اور نیک کاموں کے کرنے کی طاقت اللہ کی مدد ہی سے ملتی ہے جو بلندی والا ،عظمت والا ہے، میں یقین کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ کا علم ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے۔ اے اللہ! میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں، اپنے نفس کی برائی سے اور ہر اس جانور کی برائی سے جس کی پیشانی آپ کے قبضے میں ہے، بیشک میرا رب سیدھے راستے پر ہے۔

نوٹ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص ان مندرجہ بالا کلمات کو صبح پڑھے گا تو شام تک کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی اور شام کو پڑھ لے تو صبح تک کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی۔

صبح اور شام کی دعائیں

رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرماتے کہ جب تم میں سے کوئی صبح کرے تو یوں کہے:

اَللّٰھُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ

ترجمہ اے اللہ! ہم نے تیری ہی عنایت سے صبح کی ہے اور ہم نے تیری ہی توفیق سے شام کی ہے اور تیرا ہی نام لے کر ہم جاگتے ہیں اور تیرا ہی نام لیکر ہم مرتے ہیں اور تیری ہی طرف (سب کو) لوٹ کر جانا ہے۔..........اور جب شام ہو تو یوں کہے.........

اَللّٰھُمَّ بِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ

ترجمہ اے اللہ ہم نے تیری ہی عنایت سے شام کی ہے اور ہم نے تیری ہی توفیق سے صبح کی ہے اور تیرا ہی نام لے کر ہم جیتے ہیں اور تیرے ہی نام کے ساتھ ہم سوتے ہیں اور تیری ہی طرف سب کو (موت کے بعد) اٹھنا ہے۔ (ترمذی:3391)

دن بھر کے کاموں کی بھلائی کے لئے دعا

اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ

ترجمہ اے اللہ! ہمارے تمام کاموں کا انجام بخیر ہو اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے محفوظ رکھ۔ (المعجم الکبیر للطبرانی:1198)

دوزخ سے نجات اور جہنم سے آزادی

حضرت مسلم بن حارث رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم مغرب کی نماز سے فارغ ہو تو 7 مرتبہ کہو!

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ ترجمہ یا اللہ مجھے جہنم کی آگ سے بچالے۔

کیونکہ جب تم یہ کہو گے اور پھر اگر اسی رات فوت ہو گئے تو تمہارے لئے دوزخ کی آگ سے نجات لکھ دی جائے گی اور جب تم صبح کی نماز پڑھ لو تو اسی طرح یہی الفاظ کہو۔ اگر تم اس دن فوت ہو گئے تو تمہارے لئے دوزخ کی آگ سے نجات لکھ دی جائے گی۔ (مسند احمد: 18054، ابوداؤد: 5079)

تفصیل کیلئے راقم کی مرتب کردہ 64 صفحات پر مشتمل (پاکٹ سائز) کتاب
"صبح و شام کی، پریشانی اور مشکل کے حل کی دعائیں" کا مطالعہ کیجئے

عافیت مانگنے کی دعا

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ رضی اللہ عنہ نے اپنے والد سے کہا کہ میں آپ کو مندرجہ ذیل دعا 3 مرتبہ صبح اور 3 مرتبہ شام کو مانگتے ہوئے سنتا ہوں تو ابا جان نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعا مانگتے ہوئے سنا ہے اس لئے میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر عمل کرتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ عَافِنِىْ فِىْ بَدَنِىْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِىْ فِىْ سَمْعِىْ
اَللّٰهُمَّ عَافِنِىْ فِىْ بَصَرِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ اے اللہ! مجھے میرے بدن میں عافیت دے، اے اللہ! مجھے میرے کانوں میں عافیت عطا فرما، اے اللہ! مجھے میری آنکھوں میں عافیت مرحمت فرما۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ (ابوداؤد: 5090)

حضرت عباس بن عبدالعظیم رضی اللہ عنہ نے مندرجہ بالا دعا کے ساتھ مندرجہ ذیل کلمات کا اضافہ فرمایا کہ انہوں نے بیٹے سے کہا کہ تم بھی یہ ساتھ پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ
اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ اے اللہ! میں کفر اور غربت (ناداری) سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور عذاب قبر سے بچنے کے لئے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔

اور کہا کہ صبح اور شام کو انہیں تین تین دفعہ پڑھو، میں اسی کو پسند کرتا ہوں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پر عمل کروں۔ (ابوداؤد:5090)

دنیا و آخرت کی عافیت کی دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ الْعَافِیَةَ وَالْمُعَافَاةَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ (ترمذی:3512)

ترجمہ اے اللہ! میں آپ سے دنیا و آخرت کی عافیت اور معافی طلب کرتا ہوں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ

ترجمہ اے اللہ! میں آپ سے اپنی دینی و دنیاوی معاملات اور اہل وعیال اور مال کے معاملات میں (اپنی کوتاہیوں سے) درگزر اور عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ (ابوداؤد:5074)

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِیْ وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِیْ

ترجمہ اے اللہ! میرے عیبوں کی پردہ پوشی فرما اور مجھے خوف کی چیزوں اور حالات میں اطمینان عطا فرما۔ (ابوداؤد:5074)

اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ یَّمِیْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ

ترجمہ اے اللہ! میرے سامنے سے اور پیچھے سے اور دائیں سے اور میرے بائیں سے اور میرے اوپر سے میری حفاظت فرما۔ میں پناہ لیتا ہوں آپ کی عظمت کی اس سے کہ میں اپنے نیچے سے ہلاک کیا جاؤں۔ (ابوداؤد:5074)

4 اہم کلمات

ایک شخص نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ سوال کیا "یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب میں اپنے رب سے سوال کروں تو کیا کہوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم کہو!

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ، وَارْحَمْنِیْ، وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے معاف فرما، مجھ پر رحم فرما، مجھے عافیت دے اور مجھے رزق عطا فرما۔
اور ساتھ ہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انگوٹھے کے علاوہ باقی چار انگلیوں کو اکٹھا کرتے ہوئے فرمایا: "بے شک یہ چار کلمات تمہارے لئے دنیا اور آخرت کی بھلائیوں کو سمیٹے ہوئے ہیں۔" (مسلم:2697)

ہر مشکل کی آسانی اور عافیت کی دعا

اَللّٰھُمَّ الْطُفْ بِیْ فِیْ تَیْسِیْرِ کُلِّ عَسِیْرٍ فَاِنَّ تَیْسِیْرَ کُلِّ عَسِیْرٍ عَلَیْكَ یَسِیْرٌ وَاَسْئَلُكَ الْیُسْرَ وَالْمُعَافَاةَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

ترجمہ: اے اللہ! میری ہر دشواری کو آسان فرما کر مجھ پہ مہربانی فرما، ساری دشواریوں اور مشکلوں کو آسان کرنا تیرے لئے بالکل آسان ہے اور میں تجھ سے استدعا کرتا ہوں دنیا اور آخرت میں سہولت اور آسانی کے لئے اور کامل عافیت کے لئے (المعجم الاوسط للطبرانی:1250)

سوتے وقت اللہ سے عافیت کا سوال کرنا

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِیْ وَ اَنْتَ تَوَفَّاھَا، لَكَ مَمَاتُھَا وَمَحْیَاھَا، اِنْ اَحْیَیْتَھَا فَاحْفَظْھَا، وَاِنْ اَمَتَّھَا فَاغْفِرْلَھَا، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الْعَافِیَةَ (مسلم:2712)

ترجمہ: اے اللہ! تو نے ہی میری جان کو پیدا کیا ہے اور تو ہی اسے فوت کرے گا، تیرے ہی لئے اس کا مرنا اور زندہ رہنا ہے اگر تو اسے زندگی عطاء کرے تو اسکی حفاظت کرنا اور اگر تو اسے موت دے تو اسے بخش دینا۔ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے عافیت کا سوال کرتا ہوں

شفاعت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا مستحق بنانے والا عمل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: ”جب تم اذان سنو تو اسی طرح کہو جس طرح مؤذن کہتا ہے، پھر مجھ پر درود پڑھو، اس لئے کہ جو مجھ پر ایک بار درود پڑھتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر 10 مرتبہ رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

پھر میرے لئے اللہ تعالیٰ سے ”الوسیلۃ“ مانگو۔ یہ جنت میں ایک مقام (مرتبہ) ہے جو اللہ کے بندوں میں سے کسی ایک بندے کے لائق ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ وہ (بندہ) میں ہی ہوں۔ جس نے اللہ تعالیٰ سے میرے لئے ”الوسیلۃ“ مانگا تو قیامت کے دن اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوگی۔ (مسلم:384)

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَانِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَانِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ

ترجمہ اے اللہ! اس دعوت کامل اور قائم ہونے والی نماز کے رب! تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو خاص تقرب اور خاص فضیلت عطا کر اور انہیں اس مقام محمود پر فائز فرما جسکا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے (بخاری:614، ابوداؤد:529، ترمذی:211، نسائی:680، ابن ماجہ:722، مسند احمد:14817)

وضو کے بعد کے کلمات کی فضیلت

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے وضو کر کے یہ کلمات کہے!

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ

ترجمہ اللہ! تو پاک ہے اپنی تعریفوں کے ساتھ، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں تجھ سے بخشش طلب کرتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں۔

تو اس کے ان کلمات کو ورق میں لکھ دیا جاتا ہے، پھر اس پر مہر لگا دی جاتی ہے اور قیامت تک کے لئے محفوظ کر دیا جاتا ہے۔ (السنن الکبریٰ للنسائی:9829)

ثناء

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز شروع کرتے تو یہ کلمات پڑھتے

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ

ترجمہ: اے اللہ! تو اپنی حمد کے ساتھ پاک ہے اور تیرا نام بابرکت ہے اور تیری شان بلند ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ (ابوداؤد: 776، ترمذی: 243، ابن ماجہ: 806)

دو سجدوں کے درمیان کی دعا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دونوں سجدوں کے درمیان یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاجْبُرْنِيْ وَارْفَعْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ

(ابوداؤد: 850، ترمذی: 284، ابن ماجہ: 898)

ترجمہ: اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور میرے نقصان پورے کر اور مجھے بلندی عطاء فرما اور مجھے ہدایت دے اور مجھے عافیت دے اور مجھے روزی عطاء فرما۔

وضو کے بعد کی دعا

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص مکمل وضو کر کے یہ دعا پڑھ لے۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی الہ نہیں وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

تو اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں کہ جس سے چاہے داخل ہو۔ (مسلم: 234، ابن ماجہ: 470)

اور ترمذی نے درج ذیل کلمات کا اضافہ کیا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ

ترجمہ اے اللہ! مجھے توبہ کرنے والوں اور پاک رہنے والوں میں سے بنا۔ (ترمذی:55)

تکبیر تحریمہ کے بعد کی دعا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تکبیر تحریمہ کے بعد قرأت شروع کرنے سے پہلے تھوڑی دیر خاموش رہتے۔ میں نے عرض کی ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قربان۔ اس خاموشی میں آپ کیا پڑھتے ہیں؟'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ''میں یہ دعا پڑھتا ہوں۔''

اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدْتَّ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰھُمَّ نَقِّنِیْ مِنَ الْخَطَایَا کَمَا یُنَقَّی الثَّوْبُ الْاَبْیَضُ مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰھُمَّ اغْسِلْ خَطَایَایَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ

ترجمہ اے اللہ! میرے اور میرے گناہوں کے درمیان مشرق ومغرب کی دوری فرما دے۔ یااللہ! مجھے میرے گناہوں سے اس طرح پاک وصاف کردے جس طرح سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کیا جاتا ہے۔ یااللہ! میرے گناہ پانی، برف اور اولوں سے دھو دے۔ (بخاری:744، مسلم:598، مسند احمد:7164، ابوداؤد:781، نسائی:60، ابن ماجہ:805)

اچھے اخلاق مانگنے کی دعا

وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ، اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَلِکُ لَآ اِلٰہَ

اِلَّا اَنْتَ، اَنْتَ رَبِّیْ وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاعْتَرَفْتُ
بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ جَمِیْعًا اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ
وَاهْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا یَهْدِیْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ
وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَهَا لَا یَصْرِفُ عَنِّیْ سَیِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ
لَبَّیْكَ وَسَعْدَیْكَ وَالْخَیْرُ كُلُّهٗ فِیْ یَدَیْكَ وَالشَّرُّ لَیْسَ
اِلَیْكَ اَنَا بِكَ وَاِلَیْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَیْتَ اَسْتَغْفِرُكَ
وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ

ترجمہ میں نے اپنے چہرے کو اس ذات کی جانب متوجہ کر دیا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا یکسو مسلمان ہو کر اور میں مشرکوں میں سے نہیں۔ یقیناً میری نماز، میری قربانی، میری زندگی اور میری موت اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جو سب جہانوں کا رب ہے، اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی بات کا مجھے حکم دیا گیا ہے اور میں پہلا مسلمان ہوں۔ اے اللہ تو بادشاہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو میرا رب ہے اور میں تیرا بندہ ہوں، میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور میں نے اپنے گناہ کا اقرار کیا، میرے سارے گناہ بخش دے، تیرے سوا گناہوں کو بخشنے والا کوئی نہیں۔ تو اچھے اخلاق کی طرف میری رہنمائی کر، تیرے سوا اخلاق حسنہ کی طرف راہنمائی کرنے والا کوئی نہیں۔ مجھ سے برے اخلاق پھیر دے، تیرے سوا برے اخلاق کو پھیرنے والا کوئی نہیں۔ میں تیری بارگاہ میں حاضر ہوں، حاضر ہوں، تمام بھلائیاں تیرے ہاتھوں میں ہیں اور برائیوں کو تیری جانب منسوب نہیں کیا جاتا۔ میں تیرے ساتھ ہوں اور تیری طرف التجا کرتا ہوں۔ تو برکت والا اور بلندیوں والا ہے، میں تجھ سے معافی چاہتا ہوں اور تیری طرف ہی رجوع کرتا ہوں۔

(مسلم: 771، نسائی: 897، مسند احمد: 729، ترمذی: 3421، ابوداؤد: 760)

رکوع کی دعائیں

اَللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ اَنْتَ رَبِّيْ خَشَعَ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَدَمِيْ وَلَحْمِيْ وَعَظْمِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

ترجمہ اے اللہ! میں نے تیرے لئے رکوع کیا اور تجھ پر ایمان لایا اور تیرے لئے اسلام لایا اور تجھ پر توکل کیا۔ تو میرا رب ہے، میرے کان، میری آنکھیں، میرا خون، میرا گوشت، میری ہڈیاں اور میرے اعصاب اللہ کے لئے خشوع کرتے ہیں جو سب جہانوں کا رب ہے۔ (مسلم:771، مسند احمد:960، ابوداؤد:760، نسائی:1051)

...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک رات میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ رکوع یا سجدہ میں ہیں اور یہ دعا پڑھ رہے ہیں:

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ اے اللہ تو پاک ہے اور تیری حمد کرتا ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں (نسائی:1131)

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ

ترجمہ میرا عظمت والا رب اپنی حمد کے ساتھ (ہر عیب سے) پاک ہے، اے اللہ مجھے بخش دے۔ (ابوداؤد:870)

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ

ترجمہ اے اللہ! اے ہمارے پروردگار! تو ہر عیب سے پاک ہے اپنی تعریف کے ساتھ، اے اللہ! مجھے بخش دے۔ (بخاری:794، مسلم:484)

قومہ کی مسنون دعائیں

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمِلْءَ مَاشِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ اَهْلَ الثَّنَآءِ وَالْمَجْدِ اَحَقُّ مَاقَالَ الْعَبْدُ

وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَآ مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

ترجمہ اے ہمارے رب! زمین وآسمان اور اس کے بعد جو تو چاہے، اس کے بھراؤ کے برابر تعریفیں تیرے لئے ہیں تو تعریف اور بزرگی کا اہل ہے۔ بندے نے جو کچھ کہا وہ حق ہے اور سب تیرے بندے ہیں۔ یا اللہ! اگر تو کسی کو اپنے فضل سے نوازنا چاہے تو کوئی تجھے روک نہیں سکتا اور اگر کسی کو اپنی رحمت سے محروم کردے تو کوئی اسے نواز نہیں سکتا۔ کسی بزرگی والے کی بزرگی تیرے (اللہ کے) ہاں اسے فائدہ نہیں دے گی۔

(مسلم:477، ابوداؤد:847، نسائی:1068، مسند احمد:18183)

سجدے کی دعائیں

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے سجدے میں یہ کہتے تھے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ كُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَعَلَانِيَتَهٗ وَسِرَّهٗ

ترجمہ اے اللہ! میرے چھوٹے اور بڑے، پہلے اور بعد والے، ظاہر اور پوشیدہ، تمام گناہ بخش دے۔ (مسلم:483، ابوداؤد:878)

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سجدے میں جاتے تو یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُّ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَصَوَّرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ (مسلم:771)

ترجمہ اے اللہ تیرے لیے میں نے سجدہ کیا۔ میں تجھ پر ایمان لایا۔ میں تیرا فرمانبردار ہوا۔ میرے چہرے نے اس ذات کو سجدہ کیا جس نے اسے پیدا کیا اور اس کی شکل کو حسن بخشا۔ اسکے کان اور آنکھ کے شگاف بنائے، بہترین تخلیق کرنیوالا اللہ، بڑا ہی بابرکت ہے۔

اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کی دعا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رات کو رسول اللہ کو دیکھا تو آپ رکوع اور سجدے میں یہ دعا پڑھ رہے تھے:

اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ (مسلم:486،ترمذی:3493،نسائی:1100)

ترجمہ اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں، تیری ناراضگی سے تیری رضا میں اور تیری معافی میں تیرے عذاب سے اور تجھ سے تیری ہی پناہ چاہتا ہوں۔ تیری تعریف کرنا میرے بس میں نہیں ہے، تو ویسا ہی ہے جس طرح تو نے اپنی تعریف خود فرمائی ہے۔

سلام پھیرنے سے قبل کی دعائیں

التحیات اور درود شریف کے بعد قرآنی اور مسنون دعاؤں میں سے کوئی ایک یا زیادہ جتنی کوئی پڑھنا چاہے پڑھ سکتا ہے۔

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشہد کے بعد سلام پھیرنے سے قبل یہ دعا پڑھتے تھے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ مَاقَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ اے اللہ! تو میرے اگلے اور پچھلے اور پوشیدہ اور ظاہر، تمام گناہ معاف فرما اور جو میں نے زیادتی کی اور وہ گناہ جو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے وہ بھی معاف فرما، تو ہی (اپنی درگاہ عزت میں) آگے کرنے والا اور (اپنی بارگاہ جلال سے) پیچھے کرنے والا ہے۔ صرف تو ہی سچا معبود ہے۔ (مسلم:771)

✲ ...... حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی نماز میں سلام پھیرنے سے پہلے یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَالْعَزِیْمَةَ عَلَی الرُّشْدِ وَاَسْئَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَاَسْئَلُكَ قَلْبًا سَلِیْمًا وَلِسَانًا صَادِقًا وَاَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ

ترجمہ اے اللہ! میں تجھ سے کام میں ثابت قدمی اور ہدایت وبھلائی میں عزیمت کا سوال کرتا ہوں، میں تجھ سے تیری نعمت پر شکر اور تیری عبادت میں عمدگی کی توفیق مانگتا ہوں میں تجھ سے قلب سلیم اور لسان صادق کا سوال کرتا ہوں تیرے علم میں جو بھلائی ہے میں تجھ سے وہ طلب کرتا ہوں اور تیرے علم میں جو برائی ہے میں اس سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اپنے اس گناہ پر معافی چاہتا ہوں جو تو جانتا ہے۔ (ترمذی:3407،نسائی:1304)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھڑا تھا اور ایک آدمی نماز پڑھ رہا تھا جب تشہد کیا تو یہ دعا پڑھی:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ (نسائی:1300)

ترجمہ اے اللہ! میں تجھ سے اس ذریعے سے سوال کرتا ہوں کہ تیرے ہی لئے حمد وثناء ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو ہی عطاء کرنے والا اور تو ہی زمین اور آسمانوں کو بغیر نمونے کے بنانے والا ہے۔ اے بزرگی وبرتری کے مالک! اے ہمیشہ زندہ اور قائم رہنے والے! میں تیرے حضور سوال کرتا ہوں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا ''کیا تمہیں معلوم ہے کہ اس شخص نے کس ذریعہ سے دعا مانگی ہے؟'' عرض کی ''اللہ اور اسکا رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں'' فرمایا'' مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے، اس شخص نے اللہ تعالیٰ سے اس کے اسمِ اعظم (سب سے بڑے نام) کے ذریعے دعا کی ہے جسکے ذریعے اگر اس سے دعا کی جاتی ہے تو ضرور قبول کرتا ہے اور اس سے سوال کیا جاتا ہے تو وہ دیتا ہے''

﴾۞﴿...... حضرت عمیر بن سعید رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ہمیں تشہد سکھایا کرتے تھے، پھر فرماتے جب تم میں سے کوئی شخص تشہد سے فارغ ہو جائے تو اسے یہ دعا پڑھنی چاہئے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ مَا اَعْلَمُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَئَلَكَ مِنْهُ عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحُوْنَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

ترجمہ اے اللہ! میں تجھ سے ہر وہ بھلائی طلب کرتا ہوں جسے میں جانتا ہوں یا نہیں جانتا۔ اے اللہ! میں تجھ سے ہر وہ بھلائی طلب کرتا ہوں جو تجھ سے تیرے نیک بندوں نے طلب کی اور ہر اس برائی سے تیری پناہ مانگتا ہوں جس سے تیرے نیک بندوں نے تیری پناہ مانگی۔ اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں بھی اچھائی عطا فرما اور آخرت میں بھی اچھائی عطا فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔ (المعجم الکبیر للطبرانی:9940)

﴾۞﴿...... حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سلام پھیرنے سے پہلے نماز میں یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبِ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ اَحْيِنِیْ مَا عَلِمْتَ الْحَيَاةَ خَيْرًا لِّیْ وَتَوَفَّنِیْ اِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّیْ اَسْئَلُكَ خَشْيَتَكَ فِی الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَكَلِمَةَ الْحَقِّ فِی الْغَضَبِ وَالرِّضَآءِ وَالْقَصْدَ فِی الْفَقْرِ وَالْغِنٰى وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَائِكَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ ضَرَّآءَ مُضِرٍّ وَّمِنْ فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ

الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مَهْدِيِّيْنَ

ترجمہ اے اللہ! اپنے علم غیب اور مخلوق پر اپنی قدرت کے ذریعے مجھے اس وقت تک زندہ رکھ جب تک تو میرے لئے زندگی بہتر سمجھے اور مجھے دنیا سے اٹھا لے جب موت کو میرے لئے بہتر سمجھے۔ میں اعلانیہ اور پوشیدہ طور پر تجھ سے ڈرنے، خوشی و ناراضگی ہر حال میں کلمہ حق کہنے، خوشحالی و تنگدستی میں اعتدال پر رہنے، تیرے دیدار کی لذت سے فیض یاب ہونے اور تجھ سے ملنے کا شوق رکھنے کی توفیق کا سوال کرتا ہوں۔ میں نقصان پہنچانے والی باتوں کے نقصان سے اور گمراہی میں ڈال دینے والی آزمائش سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اے اللہ! ہمیں ایمان کی زینت سے آراستہ کر اور ہمیں ہدایت دینے والا اور ہدایت پر رہنے والا بنا۔ (مسند احمد: 18325، سنن نسائی: 1305)

معافی کی بہترین دعا

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا مجھے کوئی دعا سکھلائیے جو میں اپنی نماز میں پڑھوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا! کہو

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

ترجمہ اے اللہ! میں نے اپنے آپ پر بہت ظلم کیا ہے اور تیرے سوا گناہ معاف کرنے والا کوئی نہیں، اپنی رحمت سے میرے سارے گناہ معاف فرما دے، مجھ پر رحم فرما بے شک تو بخشنے والا مہربان ہے۔ (بخاری: 834،6326، مسلم: 2705)

نوٹ مندرجہ بالا دعا تشہد کے بعد اور سلام پھیرنے سے پہلے پڑھیں۔

عذاب قبر، جہنم، فتنہ دجال اور قرض سے پناہ کی دعا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تشہد میں چار چیزوں سے اللہ کی پناہ ضرور طلب کرو۔ فرمایا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ

ترجمہ اے اللہ! میں عذاب قبر، مسیح دجال کے فتنے، موت وحیات کی آزمائش، گناہوں اور قرض سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ (بخاری:832، مسلم:590-589)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مندرجہ بالا دعا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اس طرح سکھاتے جس طرح انہیں قرآن کی سورتیں سکھاتے تھے۔ (مسلم:590)

نماز کے بعد کے کلمات

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب اپنی نماز سے فارغ ہوتے تو باآواز بلند تین بار اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ، اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ، اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ کہتے اور پھر فرماتے: اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ تَبَارَکْتَ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

ترجمہ یا اللہ تو سلامتی والا ہے، سلامتی تجھی سے حاصل ہوسکتی ہے اے بزرگی اور بخشش کے مالک تیری ذات بڑی بابرکت ہے۔ (مسلم:591)

دعائے قنوت

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ ھَدَیْتَ وَعَافِنِیْ فِیْمَنْ عَافَیْتَ وَتَوَلَّنِیْ فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَآ اَعْطَیْتَ وَقِنِیْ شَرَّمَا قَضَیْتَ اِنَّکَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْکَ وَاِنَّہٗ لَایَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ وَلَا یَعِزُّ مَنْ عَادَیْتَ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ

ترجمہ اے اللہ! جن کو تو نے راہ راست پر لگایا ہے ان کے ساتھ مجھ کو بھی راہ راست پر لگا دے اور جن کو تو نے عافیت نصیب فرمائی ہے، ان کے ساتھ مجھے بھی عافیت نصیب فرما

اور جنکا تو کارساز بنا ان کے ساتھ میرا بھی کارساز بن جا اور جو نعمتیں تو نے مجھے عطاء فرمائیں ان میں برکت دے اور جو فیصلہ تو فرما چکا اس کے شر سے مجھے بچالے (کہ میں اس پر راضی نہ ہوں اور بے صبری کروں) کیونکہ تو ہی فیصلہ فرماتا ہے، تیرے خلاف کوئی فیصلہ کرنے والا نہیں جس کا تو کارساز ہو وہ ذلیل نہیں ہوسکتا اور جس سے تو دشمنی کرے اسے کوئی عزت نہیں دے سکتا۔ اے ہمارے رب تو بڑی برکت والا ہے اور بلند و برتر ہے۔ (ابوداؤد: 1425)

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَنُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ وَنَشْکُرُکَ وَلَانَکْفُرُکَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَکَ وَنَخْشٰی عَذَابَکَ ط اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ

ترجمہ اے اللہ! ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں اور تجھ ہی سے بخشش مانگتے ہیں اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور تجھ پر بھروسا رکھتے ہیں اور تیری بہت اچھی تعریف کرتے ہیں اور تیرا شکر کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے اور الگ کرتے ہیں اور چھوڑتے ہیں اس شخص کو جو تیری نافرمانی کرے۔ اے اللہ! ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے ہی لئے نماز پڑھتے اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری طرف دوڑتے اور خدمت کے لئے حاضر ہوتے ہیں اور تیری رحمت کے امیدوار ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بے شک تیرا عذاب کافروں کو ملنے والا ہے۔ (مصنف عبدالرزاق: 4969، المراسیل لابی داؤد: 89)

دعائے قنوت نازلہ

''قنوت نازلہ'' دشمن کے شر سے بچنے کے علاوہ مصائب اور مشکلات کے وقت نصرت الٰہی حاصل کرنے کے لئے پڑھی جاتی ہے (خصوصاً فجر کی نماز میں رکوع کے بعد اس دعا کے پڑھنے کی فضیلت بہت زیادہ ہے) (بخاری: 4560)

اَللّٰھُمَّ اھْدِنَا فِیْمَنْ ھَدَیْتَ

اے اللہ! تو ہمیں ہدایت سے نواز کر ہدایت یافتہ لوگوں میں شامل فرما

وَعَافِنَا فِيْمَنْ عَافَيْتَ

اور ہمیں عافیت بخش کر عافیت پانے والوں میں شامل فرما

وَتَوَلَّنَا فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ

اور ہماری سرپرستی فرما کر ان میں شامل فرما جن کی تو نے سرپرستی فرمائی

وَبَارِكْ لَنَا فِيْمَآ اَعْطَيْتَ

اور ہمیں ان چیزوں میں برکت دے جو تو نے عنایت فرمائی ہیں

وَقِنَا شَرَّ مَا قَضَيْتَ

اور ہمیں اس شر سے بچا جس کا تو نے فیصلہ فرمایا ہے

فَاِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ

کیونکہ تو ہی فیصلہ فرماتا ہے اور تجھ پر کسی کا فیصلہ نافذ نہیں ہوتا

وَاِنَّهٗ لَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ

اور وہ کبھی عزت نہیں پا سکتا جس کو تو اپنا دشمن قرار دے لے

وَلَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ

اور وہ ہرگز ذلیل نہیں ہو سکتا جس کی تو سرپرستی فرمائے

تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ

تو بڑی ہی برکت والا ہے اے ہمارے رب اور بہت ہی بلند و برتر

نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ

ہم تجھ سے مغفرت چاہتے ہیں اور تیرے حضور توبہ کرتے ہیں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

اے اللہ! بخش دے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو

وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو

وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ

اور ان کے درمیان اصلاح فرما دے

وَاَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ

اور ان کے دلوں میں الفت ڈال دے

وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ

اور اپنے اور ان کے دشمنوں پر ان کی مدد فرما

اَللّٰهُمَّ الْعَنِ الْكَفَرَةَ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ

اے اللہ! لعنت کر ان کافروں پر جو تیرے راستے سے روکتے ہیں

وَيُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَيُقَاتِلُوْنَ اَوْلِيَآئَكَ

اور تیرے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں اور تیرے ولیوں کو قتل کرتے ہیں

اَللّٰهُمَّ خَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ

اے اللہ! ان کے موقف میں اختلاف پیدا کر دے

وَفَرِّقْ جَمْعَهُمْ وَشَتِّتْ شَمْلَهُمْ

اور ان کی جمعیت کو منتشر کر دے اور ان کا شیرازہ بکھیر دے

وَزَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ وَاهْزِمْ جُنْدَهُمْ

اور ان کے قدموں کو ڈگمگا دے اور ان کے لشکروں کو شکست دے

وَاَلْقِ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ

اور ان کے دلوں میں رعب ڈال دے

اَللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِاَشَدِّ اَعْدَآءِ هِمْ

اے اللہ! تو ان کو شدید ترین دشمن کے ذریعے ان کے لئے کافی ہو جا

وَخُذْهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ

اور ان کو پکڑ لے جیسے ایک زبردست طاقت والا پکڑتا ہے

اَللّٰهُمَّ انْصُرْ عَسَاكِرَ الْمُسْلِمِيْنَ

اے اللہ! مسلمان لشکروں کی مدد فرما

وَانْجِ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ

اور کمزوروں کو نجات دے

وَاشْدُدْ وَطْاَتَكَ عَلٰى مَنْ قَاتَلَهُمْ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَالْكُفَّارِ

مشرکین اور کفار میں سے جو ان سے لڑیں ان پر اپنی سخت گرفت کر

وَاَنْزِلْ بِهِمْ بَاْسَكَ الَّذِيْ لَا تَرُدُّهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ

اور ان پر وہ عذاب نازل کر جو مجرم قوموں سے تو نہیں لوٹاتا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ

اے اللہ! عزتوں والے، رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت فرما

(بخاری:3386، مسند احمد:3141، ترمذی:3143، ابوداؤد:1425
المعجم الصغیر للطبرانی:970، مصنف عبدالرزاق:4969)

نوٹ: نیلے رنگ سے لکھے ہوئے عربی کے الفاظ مندرجہ بالا حوالوں میں موجود نہیں ہیں۔ البتہ پڑھے جا سکتے ہیں

مسجد سے نکلتے وقت اللہ کی پناہ طلب کرنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب مسجد سے نکلو تو یہ کہو:

اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے شیطان مردود کے شر سے محفوظ رکھ۔ (ابن ماجہ:773)

”اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ“ کہنے کی فضیلت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جب امام ”سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ“ کہے

تو تم ”اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ“ کہو۔

بے شک جس شخص کے یہ کلمات فرشتوں کے کلمات سے مل گئے اس کے گزشتہ گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ (بخاری:796)

مسجد میں داخل ہونے کی دعا

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

ترجمہ اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔ (مسلم:713)

مسجد سے نکلنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

ترجمہ اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔ (مسلم:713)

استخارہ کی دعا

رسول اللہ ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تمام کاموں میں استخارہ کرنے کی ایسے ہی تعلیم دیتے جیسے قرآن کریم کی کسی سورۃ کی تعلیم دیتے تھے۔آپ ﷺ فرماتے: جب تم میں سے کوئی شخص کوئی کام کرنا چاہے تو فرض کے علاوہ 2 رکعت نماز پڑھے پھر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ، اَللّٰھُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے تیرے علم کے ساتھ بھلائی طلب کرتا ہوں اور تجھ سے تیری قدرت کے ساتھ طاقت طلب کرتا ہوں اور میں تجھ سے تیرے فضل عظیم کا سوال کرتا ہوں کیونکہ تو قدرت رکھتا ہے اور میں قدرت نہیں رکھتا، تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا اور تو غیبوں کو خوب جانتا ہے۔ اے اللہ! اگر تو جانتا ہے کہ بے شک یہ کام میرے لئے میرے دین، میرے معاش اور میرے انجام کار کے لحاظ سے بہتر ہے تو اس کا میرے حق میں فیصلہ کر دے اور اسے میرے لئے آسان کر دے، پھر میرے لئے اس میں برکت ڈال دے اور اگر تو جانتا ہے کہ بے شک یہ کام میرے لئے میرے دین، میرے معاش اور میرے انجام کار کے لحاظ سے برا ہے تو اسے مجھ سے دور کر دے اور مجھے اس سے دور کر دے اور خیر میرے مقدر میں کر دے وہ جہاں بھی ہو اور مجھے اس پر راضی کر دے۔

نوٹ (اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ) کی جگہ اپنی حاجت کا (جس کے لئے استخارہ کر رہا ہے) نام لے لیں۔

✵......استخارہ ضرورت مند آدمی کو خود کرنا چاہئے، کسی سے استخارہ کروانا درست نہیں کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے کوئی شخص جب کسی اہم کام کا ارادہ کرے تو وہ فرض کے علاوہ 2 رکعات پڑھے، پھر یہ (استخارہ کی) دعا پڑھے۔'' (بخاری:7390)

✵......استخارہ دن اور رات کے کسی وقت بھی کیا جا سکتا ہے، جیسا کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو جب ضرورت پڑی تو فوراً استخارہ کے لئے کھڑی ہو گئیں۔ (مسلم:1428)

✵......بعض لوگ کہتے ہیں کہ جب آدمی سونے لگے تو 2 رکعت نماز پڑھے اور استخارہ کی مخصوص دعا پڑھے اور قبلہ رخ ہو کر سو جائے، اگر ایک روز میں دل مطمئن نہ ہو تو مسلسل سات روز تک ایسا ہی کرے، حدیث میں اس کا کوئی ثبوت نہیں۔

سجدہ تلاوت میں نعمت کے شکر کی توفیق مانگنا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ بِهَا، اَللّٰهُمَّ حُطَّ عَنِّيْ بِهَا وِزْرًا، وَاَحْدِثْ لِيْ بِهَا شُكْرًا، وَ تَقَبَّلْهَا مِنِّيْ كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ سَجْدَتَهُ

ترجمہ اے اللہ! اس (سجدے) کی وجہ سے مجھے معاف کر دے۔ اے اللہ! اس (سجدے) کی وجہ سے مجھ سے (میرے گناہوں کا) بوجھ اتار دے اور میرے لئے اس کے ذریعے شکر پیدا کر دے اور اسے مجھ سے قبول فرما لے جیسا کہ تو نے اپنے بندے داؤد علیہ السلام سے ان کا سجدہ قبول فرمایا تھا۔ (مسند ابی یعلی الموصلی: 1069)

تہجد کی ایک نوری دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّسَارِيْ نُوْرًا وَّتَحْتِيْ نُوْرًا وَّاَمَامِيْ نُوْرًا وَّخَلْفِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا وَّعَصَبِيْ نُوْرًا وَّلَحْمِيْ نُوْرًا وَّدَمِيْ نُوْرًا وَّشَعْرِيْ نُوْرًا وَّبَشَرِيْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا فِيْ قَبْرِيْ وَنُوْرًا فِيْ عِظَامِيْ

ترجمہ یا اللہ میرا پورا جسم نور سے بھر دے۔ میرا دل، میری قوتِ بصارت، میری سماعت تمام کو نور سے بھر دے۔ اسی طرح میرا ماحول بھی، میرے اللہ مجھے نوری بنا دے۔ دائیں دیکھوں تو نور نظر آئے، بائیں نظر کروں تو نور ہو، اوپر کی طرف نگاہ جائے تو نور کا سماں ہو، نیچے توجہ ہو تو نور محسوس ہو، غرضیکہ آگے پیچھے سب نور ہی نور ہو۔ یا اللہ مجھے خاص میری ذات کے لئے بھی نور عنایت فرما۔ یا اللہ میرے سارے وجود میں اپنی فرمانبرداری کا نور بھر دے، یا اللہ میرے تمام پٹھے اور گوشت تیری اطاعت کے نور سے معمور ہوں (کہ تیرے کسی حکم کے بغیر حرکت نہ کریں) یا اللہ میرے خون میں، بالوں میں اور میری جلد میں تیری اطاعت کا نور ہو (کہ میری کوئی حرکت تیرے احکام کے خلاف نہ ہو) اے اللہ میری قبر بھی نور سے بھر دے اور میری ہڈیوں میں بھی نور بھر دے۔

(بخاری: 6316، مسلم: 763، ترمذی: 3419)

تفصیل کیلئے راقم کی مرتب کردہ 112 صفحات پر مشتمل (پاکٹ سائز) کتاب
"نماز" کا مطالعہ کیجئے

زندگی کے آخری لمحات کی دعا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں! (بوقت وفات) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے تھے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ الفاظ ادا فرماتے ہوئے سنا:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاَلْحِقْنِیْ بِالرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی

ترجمہ یا اللہ! مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما اور مجھے رفیق اعلیٰ (یعنی اپنے ساتھ) ملا دے۔ (بخاری:4440،مسلم:2444،ترمذی:3496)

بری موت سے تحفظ کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ التَّرَدِّیْ وَالْھَدْمِ وَالْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ یَتَخَبَّطَنِیَ الشَّیْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ، وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اَمُوْتَ فِیْ سَبِیْلِكَ مُدْبِرًا وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اَمُوْتَ لَدِیْغًا

ترجمہ اے اللہ! اونچی عمارت سے گرنے، کسی عمارت کے مجھ پر گرنے، غرقاب ہونے اور جلنے سے میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اور میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ موت کے وقت شیطان مجھے بہکائے اور میں اس بات سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں کہ میں آپ کے راستے میں پیٹھ پھیر کر مروں اور اس بات سے بھی آپ کی پناہ مانگتا ہوں کہ میں زہریلے جانور کا ڈنک کھا کر مروں۔ (ابوداؤد:1552،نسائی:5531)

شہادت اور مدینہ میں وفات پانے کے لئے دعا

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ شَھَادَۃً فِیْ سَبِیْلِكَ وَاجْعَلْ مَوْتِیْ فِیْ بَلَدِ رَسُوْلِكَ

ترجمہ اے اللہ! مجھے اپنے راستہ میں شہادت نصیب فرما اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر (مدینہ) میں مجھے موت دے۔ (بخاری:1890)

موت اور حساب کی سختیوں سے حفاظت

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّی عَلٰی غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَکَرَاتِ الْمَوْتِ

ترجمہ اے اللہ! موت کی سختیوں اور اس سے طاری ہونے والی بے ہوشیوں میں میری مدد فرما۔ (ترمذی:978)

حساب کی آسانی کی دعا

اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا

ترجمہ اے اللہ! میرے حساب کو آسان فرمادے۔ (حاکم:190)

شوہر کی وفات پر پڑھنے کی دعا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم کسی مریض یا میت کے پاس موجود ہو تو خیر کی بات کہا کرو۔ کیونکہ جو تم کہتے ہو اس پر فرشتے آمین کہتے ہیں۔ وہ کہتی ہیں کہ جب ابو سلمہ کا انتقال ہوا تو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا اے اللہ کے رسول! ابو سلمہ فوت ہو گئے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم یہ دعا کرو کہ

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلَہٗ وَ اَعْقِبْنِیْ مِنْہُ عُقْبٰی حَسَنَۃً

ترجمہ اے اللہ مجھے اور انہیں معاف فرما اور مجھے ان کا نعم البدل عطاء فرما۔

میں نے یہ (دعا) مانگی تو اللہ نے مجھے ان سے زیادہ بہترین بدل (یعنی) محمد صلی اللہ علیہ وسلم عطاء فرمائے۔ (مسلم:2129-919)

میت بچے کو عذاب قبر سے محفوظ رکھنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اَعِذْہُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

ترجمہ اے اللہ! اس کو قبر کے عذاب سے بچا۔ (الموطا امام مالک، کتاب الجنائز:776)

میت کے لئے اللہ کی ہمسائیگی مانگنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِیْ ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَاَنْتَ اَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ اَللّٰھُمَّ فَاغْفِرْلَهُ وَارْحَمْهُ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

ترجمہ اے اللہ! بے شک فلاں بن فلاں تیرے ذمے (کفالت) میں ہے اور تیری ہمسائیگی اور امان میں آ گیا ہے۔ سو تو اسے قبر کی آزمائش اور آگ کے عذاب سے محفوظ فرما دے تو وعدے کو پورا کرنے والا اور حق والا ہے۔ اے اللہ! پس اسے بخش دے اور اس پر رحم فرما، بلاشبہ تو بہت ہی بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ (ابوداؤد:3202)

اَللّٰھُمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ وَاَحْيِنَا مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِيْنَ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا مَفْتُوْنِيْنَ

ترجمہ اے اللہ! ہمیں حالت اسلام میں موت دے، حالت اسلام میں زندہ رکھ اور ہمیں رسوائی اور آزمائش میں مبتلا کئے بغیر نیک لوگوں کے ساتھ ملا دے (مسند احمد:15492)

خلوص نیت سے دعا کرنا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب تم کسی میت کا جنازہ پڑھو تو اس کے لئے اخلاص سے دعا کیا کرو۔ (ابوداؤد:3199)

جنازہ میں تیسری تکبیر کے بعد کی دعا

(بالغ مرد اور عورت کے لئے)

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَاَحْيِهِ عَلَى الْاِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْاِيْمَانِ

اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهٗ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهٗ

ترجمہ اے اللہ! ہمارے زندہ و مردہ، ہمارے حاضر و غائب، ہمارے چھوٹے اور بڑے، ہمارے مرد اور عورت (ہر ایک) کی مغفرت فرما۔ اے اللہ! ہم میں سے جسے تو زندہ رکھے اسے اسلام پر زندہ رکھ اور جس کو موت دے اسے ایمان پر موت دے۔ یا اللہ! ہمیں مرنے والے (پر صبر کرنے) کے ثواب سے محروم نہ رکھ اور اس کے بعد ہمیں گمراہ نہ کر

(ابوداود: 3201، ترمذی: 1024، نسائی: 1986، ابن ماجہ: 1498
مسند احمد: 22554، ابن حبان: 3070، حاکم: 1326)

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَهٗ وَارْحَمْهُ وَعَافِهٖ وَاعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهٗ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهٗ وَاغْسِلْهُ بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهٖ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهٖ وَاَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهٖ وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَاَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ

ترجمہ اے اللہ! اس (میت) کی مغفرت فرمائیے، اس پر رحم فرمائیے، اس کو عافیت سے ہمکنار کیجئے، اس سے درگزر فرمائیے، مہمانی کا اکرام فرمائیے، اس کی قبر کشادہ فرمائیے، اسے اچھی طرح دھو کر پاک صاف کیجئے، اس کے گناہوں کے داغ ایسے ہی صاف کر دیجئے جیسے کپڑا دھو کر میل کچیل سے صاف کیا جاتا ہے، دنیا کے گھر سے بہتر گھر، دنیا کے گھر والوں سے بہتر گھر والے اور یہاں کے جوڑے سے بہتر جوڑا عطاء فرمائیے، جنت میں داخل کیجئے اور اسے قبر اور دوزخ کے عذاب سے بچائیے۔

(مسلم: 963، مسند احمد: 23975
ترمذی: 1025، ابن ماجہ: 1500)

نابالغ لڑکے کے لئے دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا سَلَفًا وَّفَرَطًا وَّاَجْرًا

ترجمہ یا اللہ! اس لڑکے کو ہمارے لئے آگے پہنچ کر سامان کرنے والا بنا اور اس کو ہمارے لئے اجر بنا۔

(بخاری۔ کتاب الجنائز، بیہقی: 6794)

نابالغ لڑکی کے لئے دعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا لَنَا سَلَفًا وَّفَرَطًا وَّاَجْرًا

ترجمہ یااللہ! اس لڑکی کو ہمارے لئے آگے پہنچ کر سامان کرنے والا بنا اور اس کو ہمارے لئے اجر بنا۔ (بخاری۔ کتاب الجنائز، بیہقی: 6794)

میت کے لئے قبر کی وسعت اور نور کی دعا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَهٗ وَارْفَعْ دَرَجَتَهٗ فِی الْمَھْدِیِّیْنَ وَاخْلُفْهُ فِیْ عَقِبِهٖ فِی الْغَابِرِیْنَ وَاغْفِرْلَنَا وَلَهٗ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ وَافْسَحْ لَهٗ فِیْ قَبْرِهٖ وَنَوِّرْ لَهٗ فِیْهِ (مسلم: 920،2130)

ترجمہ اے اللہ! اسے معاف فرما اور ہدایت یافتہ لوگوں میں اس کا درجہ بلند فرما اور اس کے پیچھے رہ جانے والوں میں تو ہی اس کا خلیفہ بن جا۔ یارب العالمین! ہمیں اور اس کو بخش دے اور اس کی قبر میں اس کے لئے کشادگی فرما اور اس میں اس کے لئے روشنی کر دے۔

اَللّٰھُمَّ عَبْدُكَ، وَابْنُ اَمَتِكَ اِحْتَاجَ اِلٰی رَحْمَتِكَ، وَاَنْتَ غَنِیٌّ عَنْ عَذَابِهٖ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِیْ اِحْسَانِهٖ، وَاِنْ كَانَ مُسِیْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ

ترجمہ اے اللہ! تیرا بندہ اور تیری بندی کا بیٹا، تیری رحمت کا محتاج ہے اور تو اسے عذاب دینے سے بے نیاز ہے۔ اگر وہ نیک تھا تو اس کے نیک اعمال میں اضافہ فرما اور اگر برائیوں پر تھا تو اس سے درگزر فرما۔ (مستدرک حاکم: 1328)

اَللّٰھُمَّ اِنَّهٗ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ كَانَ یَشْھَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ اَللّٰھُمَّ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِیْ اِحْسَانِهٖ

وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْ سَيِّئَاتِهِ اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهُ وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهُ (الموطا لامام مالک، کتاب الجنائز:775)

ترجمہ اے اللہ! بے شک یہ تیرا بندہ اور تیرے بندے کا بیٹا اور تیری بندی کا بیٹا، اس بات کی گواہی دیتا تھا کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک محمد ﷺ تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں اور تو اس کا حال خوب جانتا ہے۔ اے اللہ! اگر یہ نیک تھا تو اس کے نیک اعمال میں اضافہ فرما اور اگر گنہگار تھا تو اس کے گناہوں سے درگزر کر، اے اللہ! ہمیں اس کے ثواب سے محروم نہ کر اور ہمیں اس کے بعد فتنے میں نہ ڈالنا۔

میت کے بلند درجات کے لئے دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَهُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَوْقَ كَثِيْرٍ مِنْ خَلْقِكَ مِنَ النَّاسِ

ترجمہ اے اللہ! اس کی مغفرت فرما، اے اللہ! قیامت کے دن اسے انسانوں میں سے اپنی بہت سی مخلوق سے بلند تر درجہ عطاء فرمانا۔ (بخاری:4323)

میت کی بیوی کو دعا دینا

اَللّٰهُمَّ صُبَّ عَلَيْهَا الْخَيْرَ صَبًّا وَلَا تَجْعَلْ عَيْشَهَا كَدًّا كَدًّا (مسند احمد:19784)

ترجمہ اے اللہ! اس پر خیر کو خوب انڈیل دے اور اس کی زندگی کو مشقت والی نہ بنانا۔

میت کے گھر والوں کے لئے دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِاللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ ذَنْبَهُ وَاَدْخِلْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُدْخَلًا كَرِيْمًا

ترجمہ اے اللہ! عبداللہ بن قیس کے گناہ کو معاف فرما دے اور قیامت کے دن اسے معزز جگہ میں داخل کرنا۔ (بخاری:4323)

(عَبْدُاللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ کی جگہ میت کا نام لیں)

میت کے لئے فتنہ قبر سے بچنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِیْ ذِمَّتِكَ فَقِهِ فِتْنَةَ الْقَبْرِ

ترجمہ اے اللہ! فلاں بن فلاں تیری امان و پناہ میں ہے تو اسے قبر کے فتنے سے بچا۔

(ابوداؤد: 3202)

اَللّٰھُمَّ رَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَرَبَّ اِسْرَافِیْلَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ حَرِّ النَّارِ وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

ترجمہ اے اللہ! جبرائیل اور میکائیل کے رب! اسرافیل کے رب! میں آگ کی تپش اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ لیتا ہوں۔

(سنن النسائی: 5519)

تفصیل کیلئے راقم کی مرتب کردہ 128 صفحات پر مشتمل (پاکٹ سائز) کتاب

"وفات کے موقع پر" کا مطالعہ کیجئے

سیّد الاستغفار

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مغفرت طلب کرنے کی تمام دعاؤں کی سردار یہ دعا ہے۔ جو شخص بھی اس دعا کو (معنی اور مفہوم سمجھ کر) صبح کو پڑھے اور شام سے پہلے فوت ہو جائے یا شام کو پڑھے اور صبح سے پہلے فوت ہو جائے تو ایسا شخص جنت میں داخل ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّمَا صَنَعْتُ اَبُوْٓءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ اے اللہ! تو میرا رب ہے کوئی معبود نہیں مگر تو ہی معبود ہے، تو نے ہی مجھے پیدا فرمایا ہے لہٰذا میں تیرا ہی غلام ہوں، میں استطاعت کے مطابق تجھ سے کئے ہوئے عہد اور وعدہ پر قائم ہوں۔ جو کچھ میں نے کیا ہے اس کے شر سے بچنے کے لئے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ مجھ پر تیری جو نعمتیں ہیں میں ان کا اعتراف کرتا ہوں اور آپ کے سامنے اپنے

گناہوں کا اقرار کرتا ہوں۔ پس تو میری مغفرت فرمادے کیونکہ کوئی گناہ معاف کرنے والا نہیں ہے مگر تو ہی۔ (بخاری:6306، مسند احمد:17111)

گناہوں کی بخشش کی دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَهْلِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ جِدِّیْ وَهَزْلِیْ وَخَطَئِیْ وَعَمْدِیْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِیْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

ترجمہ: اے اللہ! میری غلطی اور لاعلمی کو معاف فرما، مجھ سے میرے کام میں جو زیادتی ہوئی ہے اسے معاف فرما اور جو چیز تو مجھ سے زیادہ میرے بارے میں جانتا ہے، اسے معاف فرما۔ اے اللہ! میری سنجیدگی، میری غیر سنجیدگی، میری غلطی سے یا قصداً کی ہوئی باتوں کو معاف فرما۔ یہ سب چیزیں میرے اندر ہیں۔ اے اللہ! میں نے جو گناہ پہلے کئے ہیں یا آگے کروں گا۔ چھپ کر کئے ہیں یا کھلم کھلا کئے ہیں سب کو معاف فرما اور جو چیز تو مجھ سے زیادہ میرے بارے میں جانتا ہے، اسے معاف فرما۔ تو آگے کرنے والا ہے، تو پیچھے کرنے والا ہے اور تو ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۔ (بخاری:6398، مسلم:2719)

رحمت اور مغفرت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ بِعَوْنِكَ مِنَ النَّارِ

ترجمہ: اے اللہ ہم آپ سے آپ کی رحمت کو واجب کرنے والی چیزیں اور آپ کی مغفرت کو ضروری بنانے والے اسباب اور ہر گناہ سے حفاظت اور بھلائی میں حصہ اور حصول جنت کی کامیابی اور آپ کی مدد سے دوزخ سے نجات کا سوال کرتے ہیں۔ (الحاکم:1925)

گناہوں کی معافی کی دعائیں

ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے فریاد کی، ہائے میرے گناہ! ہائے میرے گناہ! آپ ﷺ نے فرمایا: یہ (مندرجہ ذیل) کلمات کہو! اس نے کہے۔ آپ ﷺ نے پھر فرمایا: کہو! اس نے کہے۔ آپ ﷺ نے پھر فرمایا: کہو! اس نے تیسری بار کہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کھڑے ہو جاؤ، تمہارے گناہ معاف کر دیئے گئے

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ

ترجمہ اے اللہ! میرا گناہ معاف فرمادے۔ (مسلم: 2758)

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

ترجمہ اے اللہ! تو معاف کرنے والا ہے اور معاف کرنے کو پسند کرتا ہے سو میرے گناہ معاف فرمادے۔ (ترمذی: 3513، ابن ماجہ: 3119)

اَللّٰھُمَّ مَغْفِرَتُکَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَرَحْمَتُکَ اَرْجٰی عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ

ترجمہ میرے اللہ! تیری مغفرت میرے گناہوں سے کہیں زیادہ وسیع ہے اور مجھے تیری رحمت کا آسرا ہے نہ کہ اپنے عمل کا۔ (حاکم: 1994)

توبہ کی قبولیت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ

ترجمہ اے اللہ! مجھے معاف فرما اور میری توبہ کو قبول فرما، بیشک تو ہی بہت توبہ قبول کرنے والا، بہت بخشنے والا ہے۔ (مسند احمد: 23150)

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

ترجمہ اے اللہ مجھے معاف فرما، مجھ پر رحم فرما اور میری توبہ قبول فرما بے شک تو ہی بہت توبہ قبول کرنے والا نہایت مہربان ہے۔ (مسند احمد: 5354)

بخشش کی دعا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا اَخْطَاْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُّ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا جَھِلْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُّ

ترجمہ اے اللہ! میرے لئے (ان گناہوں کو) معاف فرما جو میں نے غلطی سے کئے اور جو میں نے جان بوجھ کر کئے، جو میں نے چھپ کر کئے اور جو میں نے اعلانیہ طور پر کئے، جو میں نے نادانی میں کئے اور جو میں نے جانتے بوجھتے کئے۔ (مسند احمد: 19925)

اعلیٰ مجلس کے حصول کی دعا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَاخْسِئْ شَیْطَانِیْ وَفُکَّ رِھَانِیْ وَاجْعَلْنِیْ فِی النَّدِیِّ الْاَعْلٰی

ترجمہ اے اللہ! میرے لئے میرا گناہ بخش دے اور میرے شیطان کو ذلیل کر دے اور میری قید کو کھول دے اور مجھے اعلیٰ وارفع مجلس کا ہم نشین کر۔ (سنن ابی داؤد: 5054)

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَخَطَئِیْ وَعَمْدِیْ

ترجمہ اے اللہ! میرے لئے گناہوں، لغزشوں اور جان بوجھ کر کئے جانے والے گناہوں کو معاف فرما۔ (مسند احمد: 16269)

تفصیل کیلئے راقم کی مرتب کردہ 96 صفحات پر مشتمل (پاکٹ سائز) کتاب
"توبہ اور مغفرت" کا مطالعہ کیجئے

آنکھ میں تکلیف کی دعا

جس شخص کی آنکھیں دکھ رہی ہوں وہ یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَاجْعَلْھُمَا الْوَارِثَ مِنِّیْ، وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ یَّظْلِمُنِیْ، وَخُذْ مِنْہُ بِثَأْرِیْ

ترجمہ اے اللہ! تو مجھے میری سماعت اور میری بینائی سے نفع پہنچا، میری سماعت و بصارت

کے نفع کو میرے مرنے کے بعد بھی جاری رکھ، جو مجھ پر ظلم کرے اس کے خلاف میری مدد فرما اور تو اس سے میرا بدلہ لے۔ (ترمذی:3604)

سماعت، بصارت، زبان، دل اور نفس سے پناہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ سَمْعِيْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِيْ وَمِنْ شَرِّ لِسَانِيْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِيْ وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّيْ

ترجمہ اے اللہ! بیشک میں اپنی سماعت کے شر سے اور اپنی نگاہوں کے شر سے اور اپنی زبان کے شر سے، اپنے دل کے شر سے اور اپنی خواہشات کے شر سے حفاظت کے لئے آپ کی پناہ میں آتا ہوں۔ (ابوداؤد:1551، ترمذی:3492، سنن النسائی:5486)

شدید نظر لگ جانے پر دعا

حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ عامر بن ربیعہ اور سہل بن حنیف رضی اللہ عنہما دونوں غسل کرنے کے ارادے سے نکلے وہ کوئی اوٹ تلاش کر رہے تھے۔ سہل رضی اللہ عنہ نے اون کا جبہ اتارا۔ (عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ) جب میں نے اسے دیکھا تو اسے میری نظر لگ گئی۔ وہ پانی میں اتر کر نہانے لگ گیا میں نے پانی میں اس کے بڑبڑانے کی آواز سنی۔ میں اس کے پاس آیا۔ اسے تین دفعہ آواز دی لیکن اس نے جواب نہ دیا۔ پھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور ساری بات بتائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور پانی میں داخل ہو گئے گویا کہ میں اب بھی آپ کی پنڈلیوں کی سفیدی دیکھ رہا ہوں۔ آپ نے اس کے سینے پر ہاتھ مارا اور پھر یہ دعا دی:

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنْهُ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَوَصَبَهَا

ترجمہ اے اللہ! اس سے اس کی گرمی و سردی اور بیماری و لاغری کو دور کر دے۔

انہوں نے کہا کہ پھر وہ کھڑا ہو گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی یا اس کی ذات یا اس کے مال میں کوئی ایسی چیز دیکھے جو اسے پسند آئے تو اسے چاہئے کہ وہ اسے برکت کی دعا دے کیونکہ نظر کا لگنا برحق ہے۔

(سلسلۃ الصحیحۃ:2572، عمل الیوم واللیلۃ للنسائی:1033، عن عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ)

مختلف بری عادات اور بیماریوں سے پناہ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَالْھَرَمِ وَالْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْعَیْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْكُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَالسُّمْعَةِ وَالرِّیَاءِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَالْبَرَصِ وَسَیِّءِ الْاَسْقَامِ

ترجمہ اے اللہ! میں عاجزی اور سستی سے، بزدلی اور بخل سے، انتہائی بڑھاپے، دل کی سختی اور غفلت سے، ذلت، مفلسی اور ناداری سے بچنے کے لئے آپ کی پناہ میں آتا ہوں اور محتاجی سے اور کفر، نافرمانی، مخالفت اور نفاق سے اور بری شہرت اور دکھاوے سے بچنے کے لئے آپ کی پناہ میں آتا ہوں اور میں بہرے پن سے اور گونگا ہونے سے اور پاگل پن، کوڑھ اور برص سے اور تمام بری بیماریوں سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں۔

(مستدرک حاکم:1944، ابن حبان:1023)

مہلک بیماریوں کے تحفظ کے لئے دعا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ، وَالْجُنُوْنِ، وَالْجُذَامِ، وَمِنْ سَیِّءِ الْاَسْقَامِ

(ابوداؤد:1554، نسائی:5493، صحیح الجامع:1281)

ترجمہ اے اللہ میں برص، جنون، جذام اور تمام برے امراض سے آپکی پناہ چاہتا ہوں

مرض کی شدت اور زندگی سے بیزاری کے وقت کی دعا

اگر کوئی شخص کسی شدید مرض میں مبتلا اور زندگی سے بیزار ہو جائے تو مرنے کی دعا نہ کرے لیکن اگر دعا کرنا ہی ہے تو یہ دعا کرے:

اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مَا كَانَتِ الْحَیٰوةُ خَیْرًا لِّیْ وَتَوَفَّنِیْ اِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَیْرًا لِّیْ

ترجمہ اے اللہ! تو مجھے زندہ رکھ جب تک کہ میری زندگی میرے لئے بہتر ہے اور موت دے دے جبکہ مرنا میرے لئے بہتر ہو۔ (بخاری: 5671، سنن ابی داؤد: 3108)

دل کی صفائی اور آنکھوں کی خیانت سے بچنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ طَھِّرْ قَلْبِیْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِیْ مِنَ الرِّیَآءِ وَلِسَانِیْ مِنَ الْکِذْبِ وَعَیْنِیْ مِنَ الْخِیَانَۃِ فَاِنَّکَ تَعْلَمُ خَآئِنَۃَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ (الدعوات الکبیر للبیہقی: 258)

ترجمہ اے اللہ! تو میرے دل کو نفاق سے پاک صاف کر دے اور میرے کام کو دکھلاوے اور زبان کو جھوٹ سے اور میری آنکھ کو چوری وخیانت سے (پاک صاف کر دے) کیونکہ تو آنکھ کی خیانت اور دل کی پوشیدہ باتوں کو خوب جانتا ہے۔

بیماری میں کمی کی دعائیں

اَللّٰھُمَّ انْقُصْ مِنَ الْمَرَضِ، وَلَا تَنْقُصْ مِنَ الْاَجْرِ

ترجمہ اے اللہ! بیماری کو کم کر دے اور اجر میں کمی نہ کر۔ (الادب المفرد: 504)

اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّاسِ مُذْھِبَ الْبَاْسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شَافِیَ اِلَّا اَنْتَ شِفَاءً لَا یُغَادِرُ سَقَمًا

ترجمہ اے اللہ! لوگوں کے رب! تکلیف کو دور کرنے والے! شفا عطاء فرما، تو ہی شفا دینے والا ہے تیرے سوا کوئی شفا دینے والا نہیں، ایسی شفا (عطاء فرما) جو بیماری کو باقی نہ چھوڑے۔ (بخاری: 5742)

اَللّٰھُمَّ اشْفِ قَلْبَہٗ، وَاشْفِ سَقَمَہٗ

ترجمہ اے اللہ! اس کے دل کو شفا دے اور اس کی بیماری کو شفا دے (الادب المفرد: 537)

اَللّٰھُمَّ اشْفِ عَبْدَکَ یَنْکَاُ لَکَ عَدُوًّا اَوْ یَمْشِیْ لَکَ اِلٰی جَنَازَۃٍ

ترجمہ اے اللہ! اپنے بندے کو شفا دے تاکہ تیری خاطر دشمن کو زخمی کرے یا تیری خاطر جنازے کے ساتھ چلے۔ (ابوداؤد:3107)

مریض کی پیشانی، سینے اور پیٹ پر ہاتھ پھیر کر دعا پڑھنا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں مکہ میں بیمار ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کے لئے تشریف لائے اور اپنا ہاتھ میری پیشانی پر رکھا پھر میرے سینے اور پیٹ پر ہاتھ پھیرا پھر دعا کی:

اَللّٰهُمَّ اشْفِ سَعْدًا

ترجمہ اے اللہ! سعد کو شفاء عطاء فرما۔ (ابوداؤد:3104)

(سَعْدًا کی جگہ مریض کا نام لیں)

تفصیل کیلئے راقم کی مرتب کردہ 72 صفحات پر مشتمل (پاکٹ سائز) کتاب
''الشفا کی دعائیں'' کا مطالعہ کیجئے

بے خوابی کا علاج

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی نیند اچٹ جانے کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بستر پر آ کر سونے سے پہلے یہ دعا پڑھ لیا کرو:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَآ اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ وَمَآ اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّيٰطِيْنِ وَمَآ اَضَلَّتْ كُنْ لِيْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ كُلِّهِمْ جَمِيْعًا اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى عَلَيَّ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

ترجمہ اے اللہ! پروردگار ساتوں آسمانوں کے اور ان تمام چیزوں کے جن پر یہ آسمان سایہ فگن ہیں اور اے پروردگار زمینوں اور ان چیزوں کے جو ان کی آغوش میں ہیں اور

اے پروردگار شیطانوں کے اور ان انسانوں کے جن کو یہ شیطان گمراہ کئے ہوئے ہیں تو اپنی تمام مخلوق کی برائی سے مجھے اپنی پناہ میں لے لے کہ کہیں ان میں سے کوئی مجھ پر دست درازی کرے یا سرکشی سے پیش آئے، تیری پناہ میں آنے والا سرفراز ہوا۔ تیری ستائش بلند پایہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں صرف تو ہی معبود برحق ہے۔ (ترمذی:3523)

سو کر اٹھتے وقت کی دعا

حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم نیند سے بیدار ہو کر اپنے بستر سے اٹھو تو اپنے رب کی تسبیح کے ساتھ اس کی حمد کرو۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود بھی عمل فرماتے تھے اور اپنے صحابہ کو بھی آپ نے یہ تعلیم دی تھی کہ جب وہ صبح نیند سے بیدار ہوں تو مندرجہ ذیل الفاظ کہا کریں۔

نیز مندرجہ ذیل دعا رات کے وقت کسی بھی ٹائم آنکھ کھلنے پر پڑھی جانے والی ہے جس کے بعد بندہ پھر سو جاتا ہے یا پھر اٹھ کر تہجد پڑھنے لگتا ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اور پھر اس کے بعد اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ کہا یا کوئی اور دعا مانگی تو اللہ تعالیٰ اس کی اس دعا کو قبول فرمائیں گے اور اسکے بعد اس نے وضو کر کے نماز پڑھی تو اس کی نماز بھی قبول ہوگی۔

ترجمہ اللہ کے علاوہ کوئی بندگی کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہی ہے اور اسی کے لئے تمام تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اے اللہ! تو پاک ہے، تمام تعریفیں تیرے لئے ہیں اور تیرے علاوہ کوئی الہ نہیں ہے اور اے اللہ! تو سب سے بڑا ہے اور نہ (گناہ سے) بچنے کی طاقت ہے اور نہ کچھ (نیکی) کرنے کی مگر اللہ کی مدد کے ساتھ۔ (بخاری:1154، مسند احمد:22673)

اسلام پر خاتمے کے لئے سونے سے پہلے کی دعا

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تم سونے لگو تو پہلے وضو کر لو پھر اپنی دائیں کروٹ پر لیٹ کر یہ دعا پڑھو:

اَللّٰھُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْكَ وَوَجَّهْتُ وَجْهِیْ اِلَیْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْكَ وَاَلْجَأْتُ ظَهْرِیْ اِلَیْكَ رَغْبَةً وَّرَهْبَةً اِلَیْكَ لَامَلْجَأَ وَلَا مَنْجٰی مِنْكَ اِلَّا اِلَیْكَ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ وَنَبِیِّكَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ

ترجمہ یا اللہ میں نے اپنی جان تیرے سپرد کردی اور اپنا رخ تیری طرف موڑ دیا اور اپنا معاملہ تجھے سونپ دیا اور تجھے اپنا پشت پناہ بنالیا۔ یہ سب میں نے تیرے ثواب کے شوق میں اور تیرے عذاب کے ڈر سے کیا ہے کیونکہ میرا ٹھکانا تیرے سوا کوئی نہیں اور تیرے عذاب سے بچنے کی پناہ گاہ بھی تیرے سوا کوئی اور نہیں۔ میں ایمان لایا تیری کتاب پر جو تونے نازل فرمائی اور ایمان لایا تیرے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جسے تونے رسول بنا کر بھیجا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم اسی رات دنیا سے رخصت ہو گئے تو تمہاری موت دین فطرت (اسلام) پر ہوگی اور اگر تم کو صبح اٹھنا نصیب ہوا تو تم بھلائی پاؤ گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ دعا سوتے وقت تمہاری زبان پر جاری ہونے والے آخری کلمات ہونے چاہیں۔ (بخاری:6311،ابن ماجہ:3876)

بستر پر جانے کا مسنون طریقہ اور دعائیں

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سونا چاہتے تو اپنا دایاں ہاتھ اپنے دائیں رخسار کے نیچے رکھتے اور یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ قِنِیْ عَذَابَكَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

ترجمہ یا اللہ! مجھے اس دن اپنے عذاب سے بچانا جس دن تو اپنے بندوں کو اٹھائے گا۔

(ابوداؤد:5045،ترمذی:3398)

✵...... حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو سونے کے لئے بستر پر تشریف لے جاتے تو اپنے داہنے پہلو کے بل لیٹتے اور دست مبارک کو دائیں رخسار کے نیچے رکھ لیتے۔ پھر یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰ (بخاری:6314،نسائی:2367)

ترجمہ اے اللہ! میں تیرے ہی نام سے مروں گا اور تیرے ہی نام سے زندہ رہوں گا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی شخص اپنے بستر پر جائے تو پہلے اسے جھاڑے پھر بسم اللہ پڑھ کر اپنے دائیں پہلو پر لیٹے اور یہ دعا پڑھے:

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ رَبِّيْ بِكَ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَبِكَ اَرْفَعُهٗ اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَاغْفِرْلَهَا وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصّٰلِحِيْنَ (مسلم:2714)

ترجمہ پاک ہے تو اے میرے رب! تیرا نام لے کر میں اپنا پہلو بستر پر رکھ رہا ہوں اور تیرا ہی نام لے کر اسے اٹھاؤں گا۔ اگر تو میری جان روک لے تو اسے بخش دینا اور اگر اسے واپس بھیج دے تو اس کی اس طرح حفاظت فرمانا جیسے تو اپنے نیک بندوں کی فرماتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَضَعْتُ جَنْبِيْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ وَاَخْسِاْ شَيْطَانِيْ وَفُكَّ رِهَانِيْ وَاجْعَلْنِيْ فِي النَّدِيِّ الْاَعْلٰى

ترجمہ اللہ کے نام کے ساتھ، میں نے اپنا پہلو رکھا، اے اللہ! میرے لئے میرا گناہ بخش دے اور میرے شیطان کو ذلیل کر اور میری قید کو کھول دے اور مجھے اعلیٰ وارفع مجلس کا ہم نشین کر دے۔ (سنن ابی داؤد:5054)

تفصیل کیلئے راقم کی مرتب کردہ 64 صفحات پر مشتمل (پاکٹ سائز) کتاب

''سونے سے قبل وبعد کے آداب واذکار'' کا مطالعہ کیجئے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بازار میں تشریف لاتے تو یہ دعا پڑھتے:

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اُصِيْبَ فِيْهَا يَمِيْنًا فَاجِرَةً اَوْ صَفْقَةً خَاسِرَةً

ترجمہ اللہ کے نام سے، اے اللہ میں آپ سے اس بازار کی بھلائی کا اور جو کچھ اس

میں ہے اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں، اور اس کے شر سے اور اس کے اندر جو کچھ ہے اس کے شر سے پناہ مانگتا ہوں، اے اللہ میں کسی جھوٹی قسم یا گھاٹے کے معاملہ میں پڑ جانے سے بچنے کے لئے آپ کی پناہ میں آتا ہوں۔ (حاکم:1977)

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کی ایک دوسری روایت میں یہ دعا بھی منقول ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ ھٰذِہِ السُّوْقِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفُسُوْقِ

ترجمہ اے اللہ میں آپ سے اس بازار کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں، کفر اور گناہ سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں۔ (المعجم الاوسط:5589)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ جب بازار کے دروازے پر آتے تو یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِھَا وَخَیْرِ اَھْلِھَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ اَھْلِھَا

ترجمہ اے اللہ میں آپ سے اس کی بھلائی اور اس کے اہل'' (یعنی یہاں کام کرنے والوں) کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس کے شر سے اور اس کے اہل کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔ (السنن الکبری للبیہقی:19902)

اَللّٰھُمَّ ابْسُطْ عَلَیْنَا مِنْ بَرَکَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ (مسند احمد:15492)

ترجمہ اے اللہ ہم پر اپنی برکتوں، اپنی رحمتوں، اپنے فضل اور اپنے رزق کو کشادہ فرما دیجئے

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ أَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَیَّ عِنْدَ کِبَرِ سِنِّیْ وَانْقِطَاعِ عُمْرِیْ (مستدرک حاکم:1987، المعجم الاوسط للطبرانی:3636)

ترجمہ اے اللہ! اپنی جانب سے (عطا کردہ) میرا سب سے کشادہ رزق میرے بڑھاپے اور عمر کے ختم ہونے کے وقت مقرر فرما دیجئے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا حضرت انس رضی اللہ عنہ کے لئے

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے گھر والوں کے پاس آیا کرتے تھے۔ ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور ہمارے لئے دعا کی تو (میری والدہ) ام سلیم نے عرض کیا کہ یہ آپ کا چھوٹا سا خادم ہے۔ کیا آپ اس کو دعا نہیں دیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی:

اَللّٰهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ، وَبَارِكْ لَهُ فِيمَا أَعْطَيْتَهُ

ترجمہ اے اللہ! اس کے مال اور اولاد کو زیادہ کر دیجئے اور آپ نے اسے جو کچھ عطا فرمایا ہے، اس میں اس کے لئے برکت فرما دیجئے۔ (بخاری:6378، مسلم:2480)

نوٹ جب ہم یہ دعا کسی اور کے لئے مانگیں تو مندرجہ بالا الفاظ ہوں گے۔

لیکن جب یہ دعا ہم اپنے لئے مانگیں گے تو اس طرح پڑھیں گے:

اَللّٰهُمَّ أَكْثِرْ مَالِي وَوَلَدِي، وَبَارِكْ لِي فِيمَا أَعْطَيْتَنِي

ترجمہ اے اللہ! میرے مال اور اولاد کو زیادہ کر دیجئے اور آپ نے مجھے جو کچھ دیا ہے، اس میں میرے لئے برکت فرما دیجئے۔

اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس دعا کو قبول فرمایا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ”اللہ کی قسم! بے شک میرا مال یقیناً بہت زیادہ ہے اور بلاشبہ آج میری اولاد اور اولاد کی اولاد کی تعداد سو کے قریب ہے۔“ (مسلم:2481)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ (اس دعا کا اتنا اثر ہوا کہ میں اپنی اولاد میں سے) ایک سو تین کو دفن کر چکا ہوں اور میری عمر لمبی ہوگئی ہے حتیٰ کہ میں لوگوں سے شرمانے لگا ہوں اور میں بخشش کی امید رکھتا ہوں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا ایک باغ تھا، جو سال میں دو مرتبہ پھل دیتا تھا اور اس میں ریحان کا پودا تھا، جس سے کستوری کی خوشبو آتی تھی۔

(ترمذی:3833، الادب المفرد:653)

رزق اور گھر میں برکت کی دعائیں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي وَوَسِّعْ لِي فِي دَارِي وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي وَبَارِكْ لِي فِي رِزْقِي

(مسند ابی یعلی:7273، مصنف ابن ابی شیبہ:29255)

ترجمہ اے اللہ مجھے میرے گناہ کی معافی دے دے اور میرے گھر میں وسعت دے اور میرا کام آسان کردے اور میرے رزق میں برکت عطا فرما (مسند احمد:63/4،صحیح الجامع:271)

رزق کی کشادگی کی دعا

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

ترجمہ اے اللہ! حرام کے بدلے تو مجھے میری ضرورت کے مطابق حلال روزی عطا فرما اور اپنے فضل سے اپنے علاوہ سب سے بے نیاز کردے۔ (ترمذی:3563)

قرضوں کے بوجھ سے نجات کی دعا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے تو وہاں ایک انصاری صحابی حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا ابوامامہ رضی اللہ عنہ کیا ہوا کہ آپ نماز کے وقت کے علاوہ مسجد میں بیٹھے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا "یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ پر فکروں اور قرضوں کا ہجوم ہوگیا ہے۔"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میں تمہیں وہ کلمات سکھاؤں کہ جب تم انہیں پڑھو تو تمہارے سارے غم دور ہوں اور تمہارا قرض ادا ہو۔" انہوں نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ضرور بتائیے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تم صبح وشام مندرجہ ذیل کلمات پڑھا کرو۔" وہ صحابی کہتے ہیں کہ میں نے ایسا ہی کیا تو اللہ تعالیٰ نے میری تمام پریشانیوں کو دور کردیا اور میرے قرضوں کو مجھ سے ادا کروادیا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ

ترجمہ اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں فکر اور غم سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں عاجزی سے اور سستی سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں بزدلی اور بخل سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں قرض کے بوجھ سے اور لوگوں کے دباؤ سے۔ (ابوداؤد:1555)

رزق میں اضافے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ بَيْتِيْ قُوْتًا (مسند احمد:7173)

ترجمہ اے اللہ! میرے گھروالوں کواتنی روزی دے کہ وہ زندہ رہ سکیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جسے اللہ تعالیٰ کوئی کھانا کھانے کودے تواسے چاہئے کہ یوں کہے:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَارْزُقْنَا خَيْرًا مِنْهُ (ابن ماجہ:3322)

ترجمہ اے اللہ! ہمیں اس میں برکت دے اوراس سے بہتر رزق عطاء فرما۔

اولاد کے رزق میں برکت کی دعا

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْهُ مَالًا وَّ وَلَدًا وَّبَارِكْ لَهُ فِيْهِ (بخاری:1982)

ترجمہ اے اللہ! اسے مال اوراولاد عطاءفرمااوراسے اس میں برکت عطاءفرما۔

دوسروں کے رزق میں برکت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ وَوَسِّعْ عَلَيْهِمْ فِيْ اَرْزَاقِهِمْ

ترجمہ اے اللہ! ان کی بخشش فرمااوران پررحم فرمااورانہیں برکت عطاءفرمااوران کے رزق کوان پرکشادہ فرما۔ (مسند احمد:17678)

تفصیل کیلئے راقم کی مرتب کردہ 176 صفحات پرمشتمل (پاکٹ سائز) کتاب

”تجارت کے اسلامی اصول“ کامطالعہ کیجئے

سماعت، اطاعت اورقرآن مجید پرعمل کرنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِيْ لِذِكْرِكَ وَارْزُقْنِيْ طَاعَتَكَ وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ

ترجمہ اے اللہ! اپنے ذکر کے لئے اوراپنی نصیحت کے لئے میرے دل کے کان کھول

دے اور مجھے اپنی اطاعت اور اپنے رسول ﷺ کی فرمانبرداری نصیب فرما اور اپنی مقدس کتاب قرآن مجید پر عمل کی توفیق دے۔ (المعجم الاوسط للطبرانی:1286)

قرآن مجید سے رہنمائی لینے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ ابْنُ عَبْدِكَ ابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ قَضَآؤُكَ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَلَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوْعَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِاسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ قَلْبِیْ وَنُوْرَ صَدْرِیْ وَجِلَآءَ حُزْنِیْ وَذَهَابَ هَمِّیْ وَغَمِّیْ

ترجمہ: الٰہی میں آپ کا بندہ ہوں، آپ کے بندے اور آپ کی بندی کا بیٹا ہوں۔ میری پیشانی آپ کے قابو میں ہے۔ میرے حق میں آپ ہی کا حکم جاری ہے، آپ کا فیصلہ میرے بارے میں انصاف کیساتھ ہے میں آپ کے ہر اس نام کیساتھ سوال کرتا ہوں جو آپ نے اپنے لئے پسند کیا یا اپنی کتاب میں آپ نے اتارا ہے یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہے یا اپنے علم غیب میں آپ نے اس کو اختیار کر رکھا ہے کہ آپ قرآن کو میرے دل کی بہار اور سینے کا نور اور میرے غم کو دور کرنے والا اور میری فکر کو ختم کرنے والا بنا دیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: ''یارسول اللہ ﷺ! ہم یہ دعا یاد نہ کرلیں'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کیوں نہیں ہر سننے والے کو چاہئے کہ یہ دعا یاد کرلے۔'' (مسند احمد:3712)

بیت الخلاء میں جانے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

ترجمہ: اے اللہ! میں ناپاک جنوں اور ناپاک جننیوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

(بخاری:142، مسلم:375)

کھانے میں برکت کی دعا

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَھُمْ فِی اللَّحْمِ وَالْمَاءِ

ترجمہ اے اللہ! ان کے لئے گوشت اور پانی میں برکت عطاء فرما۔ (بخاری: 3364)

کھانے پینے کے بعد رزق میں برکت کی دعا کرنا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جسے اللہ تعالیٰ کوئی کھانا کھانے کو دے تو اسے چاہئے کہ یوں کہے:

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهِ وَاَطْعِمْنَا خَیْرًا مِّنْهُ (ابوداؤد: 3730)

ترجمہ اے اللہ! ہمیں اس (کھانے) میں برکت عطاء فرما اور ہمیں اس سے بہتر کھانا کھلا

نیا لباس پہننے کی دعا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کوئی نیا کپڑا پہنتے تو قمیض یا عمامہ (کہہ کر) اس کپڑے کا نام لیتے پھر فرماتے:

اَللّٰھُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ كَسَوْتَنِیْهِ اَسْاَلُكَ مِنْ خَیْرِهٖ وَخَیْرِ مَا صُنِعَ لَهٗ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ

ترجمہ اے اللہ! سب تعریف تیرے لئے ہیں تو نے ہی یہ مجھے پہنایا ہے، میں تجھ سے اس کی خیر اور جس کے لئے یہ (کپڑا) بنایا گیا ہے اس کی خیر کا سوال کرتا ہوں اور میں اس کے شر اور جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے اس کے شر سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ (ابوداؤد: 4020)

اَللّٰھُمَّ اَطْعَمْتَ وَاَسْقَیْتَ وَاَغْنَیْتَ وَاَقْنَیْتَ وَھَدَیْتَ وَاَحْیَیْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰی مَا اَعْطَیْتَ (مسند احمد: 16595)

ترجمہ اے اللہ! تو نے ہی کھلایا تو نے ہی پلایا تو ہی غنی کرتا ہے تو ہی مالدار کرتا ہے تو نے ہدایت دی اور تو نے ہی زندگی عطاء فرمائی جو تو نے عطاء کیا پس اس پر تیری ہی تعریف ہے۔

دودھ پینے کے بعد کی دعا

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ (ابن ماجہ:3322)

ترجمہ اے اللہ! ہمیں اس میں برکت دے اور ہمیں اس سے زیادہ دے۔

کسی کے ہاں کھانا کھانے کے بعد کی دعائیں

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ

ترجمہ اے اللہ! تو نے انہیں جو کچھ دیا ہے اس میں برکت فرما اور انہیں بخش دے اور ان پر رحم فرما۔ (مسلم:2042، ابوداؤد:3729، مسند احمد:190/4)

اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِيْ وَاَسْقِ مَنْ اَسْقَانِيْ

ترجمہ اے اللہ! جس نے مجھے کھلایا تو اسے کھلا اور جس نے مجھے پلایا تو اسے پلا۔

(مسلم:2055، مسند احمد:2/6)

سفر کی دعا

سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْاَلُكَ فِيْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى اَللّٰھُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهٗ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْاَهْلِ اَللّٰھُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَاٰبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَالْاَهْلِ

ترجمہ پاک ہے وہ ذات کہ جس نے ہمارے لئے اسے مسخر فرما دیا اور ہم اسے مسخر کرنے والے نہ تھے اور بے شک ہم اپنے رب کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں، اے اللہ! بے شک ہم اس سفر میں تجھ سے نیکی اور تقویٰ کا اور ان اعمال کا سوال کرتے ہیں کہ جن سے تو راضی ہوتا ہے۔ اے اللہ! ہمارے اس سفر کو ہم پر آسان فرما اور اس کی دوری

کو لپیٹ دے۔ اے اللہ! تو ہی سفر میں (ہمارا) رفیق ہے اور گھر والوں کا نگہبان ہے۔ اے اللہ! بے شک میں سفر کی تکلیفوں اور رنج و غم کے منظر سے اور اپنے مال اور گھر والوں میں برے انجام سے لوٹنے سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ (مسلم:3275)

سفر شروع کرتے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ فِيْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى، اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهٗ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْاَهْلِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَالْاَهْلِ

ترجمہ اے اللہ! ہم اس سفر میں تجھ سے نیکی اور تقوی کا سوال کرتے ہیں اور ایسے عمل کا سوال کرتے ہیں جو تو پسند کرے۔ اے اللہ! ہم پر اس سفر کو آسان کر دے اور اس کی دوری کو لپیٹ دے۔ اے اللہ! تو ہی سفر میں ہمارا ساتھی ہے اور ہمارے اہل و عیال میں ہمارا خلیفہ ہے۔ اے اللہ! میں سفر کی تکلیف سے، برے منظر سے اور مال اور اہل و عیال میں برے وقت سے تیری پناہ طلب کرتا ہوں۔ (مسلم:1342)

سفر کے دوران پڑھنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ وَدَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ فِي الْاَهْلِ وَالْمَالِ

ترجمہ اے اللہ! میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں سفر کی تکلیف سے، اس جگہ کی برائی سے جہاں لوٹ کر آنا ہے، نفع کے بعد نقصان سے، مظلوم کی بددعا سے اور اہل و عیال اور مال میں برا منظر دیکھنے سے۔ (مسلم:1343)

جب کوئی سواری خرید لے تو اس پر ہاتھ رکھ کر یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ

ترجمہ اے اللہ! میں تجھ سے اس کی بھلائی اور جس چیز پر تو نے اس کو پیدا کیا اس چیز کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور میں تجھ سے اس کے شر اور اس چیز کے شر سے جس پر تو نے اسے پیدا کیا، پناہ مانگتا ہوں۔ (ابوداؤد:2160)

جو سوار سواری پر جم کر نہ بیٹھ سکے اس شخص کے لئے دعا

اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَّهْدِيًّا

ترجمہ اے اللہ! اس شخص کو ثابت قدم رکھ اور اس کو راہ دکھانے والا ہدایت یافتہ بنا دے۔ (بخاری:3020)

مسافر کے لئے سفر میں آسانی کی دعا

اَللّٰهُمَّ اطْوِ لَهُ الْاَرْضَ وَهَوِّنْ عَلَيْهِ السَّفَرَ (ترمذی:3445)

ترجمہ اے اللہ! اس کے لئے زمین کو لپیٹ دے اور اس پر سفر آسان کر دے۔

سفر میں اللہ سے مدد مانگنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْاَهْلِ وَالْحَامِلُ عَلَى الظَّهْرِ اَللّٰهُمَّ اصْحَبْنَا بِنُصْحٍ وَاقْلِبْنَا بِذِمَّةٍ نَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ

ترجمہ اے اللہ! تو ہی سفر میں ساتھی اور اہل و عیال میں جانشین ہے اور (سواری کی) پیٹھ پر بٹھانے والا ہے۔ اے اللہ! خیر خواہی کے ساتھ ہماری رفاقت فرما اور اپنی ذمہ داری میں ہمیں واپس پہنچا ہم سفر کی مشقت سے اور واپسی کی پریشانی سے تیری پناہ میں آتے ہیں۔ (مسند احمد:9205)

سفر میں مشقتوں سے پناہ طلب کرنا

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْاَھْلِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الضُّبْنَةِ فِی السَّفَرِ وَالْکَاٰبَةِ فِی الْمُنْقَلَبِ اَللّٰھُمَّ اقْبِضْ لَنَا الْاَرْضَ وَھَوِّنْ عَلَیْنَا السَّفَرَ

(مسند احمد:2723)

ترجمہ: اے اللہ! تو ہی (اس) سفر میں (ہمارا) رفیق ہے اور گھر والوں کا نگہبان ہے، اے اللہ! بے شک میں سفر کی تنگی اور واپسی کی پریشانی سے تیری پناہ میں آتا ہوں، اے اللہ! زمین کو ہمارے لئے لپیٹ دے اور ہمارے لئے سفر کو آسان فرمادے۔

کسی بستی میں داخل ہوتے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظْلَلْنَ وَرَبَّ الْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ وَمَا اَقْلَلْنَ وَرَبَّ الرِّیَاحِ وَمَا اَذْرَیْنَ وَرَبَّ الشَّیَاطِیْنِ وَمَا اَضْلَلْنَ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ خَیْرَھَا وَ خَیْرَ مَا فِیْھَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا فِیْھَا

ترجمہ: اے اللہ! سات آسمانوں کے رب! اور ان چیزوں کے جن پر آسمانوں نے سایہ کیا ہوا ہے اور سات زمینوں کے رب! اور ان چیزوں کے جن کو ان زمینوں نے اٹھایا ہوا ہے اور ہواؤں کے رب! اور ان چیزوں کے جن کو یہ ہوائیں اڑاتی پھرتی ہیں۔ شیاطین کے رب! اور جنہیں انہوں نے گمراہ کیا ہے۔ بے شک میں تجھ سے اس (بستی) کی خیر اور جو کچھ اس میں ہے اس کے خیر کا سوال کرتا ہوں اور اس (بستی) کے شر سے اور جو کچھ اس میں ہے اس کے شر سے تیری پناہ لیتا ہوں۔

(سلسلۃ الصحیحۃ:2759، المعجم الاوسط:7516)

اللہ کی حمد کے ساتھ جہنم سے پناہ کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَفَانِيْ وَاٰوَانِيْ وَاَطْعَمَنِيْ وَسَقَانِيْ وَالَّذِيْ مَنَّ عَلَيَّ وَاَفْضَلَ وَالَّذِيْ اَعْطَانِيْ فَاَجْزَلَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ اَللّٰهُمَّ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِكَ كُلِّ شَيْءٍ وَاِلٰهَ كُلِّ شَيْءٍ وَلَكَ كُلُّ شَيْءٍ اَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ

ترجمہ سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے میری کفایت کی اور مجھے ٹھکانہ دیا اور مجھے کھلایا اور مجھے پلایا اور وہ ذات جس نے مجھ پر مہربانی اور احسان فرمایا اور وہ ذات جس نے مجھے دیا اور خوب دیا، ہر حال میں اللہ ہی کا شکر ہے، اے اللہ! ہر چیز کے رب! اور ہر چیز کے بادشاہ اور ہر چیز کے معبود! ہر چیز تیری ہی (ملکیت میں) ہے، میں آگ سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ (مسند احمد:5983)

جنت کے حصول اور آگ سے پناہ کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْجَنَّةَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور میں آگ سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ (ابوداؤد:792)

جنت الفردوس مانگنے کا حکم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جنت مین سو درجے ہیں ہر دو درجوں کے درمیان کا فاصلہ ایسا ہے جیسے آسمان اور زمین کے درمیان (کا فاصلہ)، فردوس اس کا اعلیٰ ترین درجہ ہے، اس سے جنت کی چار نہریں نکلتی ہیں، اس کے اوپر عرش ہے اور جب بھی تم اللہ سے سوال کرو تو اس سے جنت الفردوس کا سوال کرو۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ جَنَّةَ الْفِرْدَوْسِ (مسند احمد:22738)

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے جنت الفردوس کا سوال کرتا ہوں۔

آخرت کے دن کی رسوائی سے بچنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ لَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ترجمہ اے اللہ! مجھے قیامت کے دن رسوا نہ کرنا۔ (مسند احمد:18056)

دنیا اور قیامت کے دن کی تنگی سے پناہ مانگنا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ ضِيْقِ الدُّنْيَا وَضِيْقِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ لیتا ہوں دنیا کی تنگی سے اور قیامت کے دن کی تنگی سے۔ (ابوداؤد:5085)

دینی سمجھ اور ہدایت کے لئے دعا

اَللّٰهُمَّ فَقِّهْنِيْ فِي الدِّيْنِ

ترجمہ اے اللہ! مجھے دین کی سمجھ عطاء فرما۔ (بخاری:143)

ضرورت سے زائد بارش ہوجائے تو دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا اَللّٰهُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ وَالظِّرَابِ وَبُطُوْنِ الْاَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ

ترجمہ اے اللہ! ہمارے اردگرد بارش برسا اور (اب) ہم پر نہ (برسا)، اے اللہ! ٹیلوں، پہاڑیوں، وادیوں کے درمیان اور درختوں کے اگنے کی جگہوں پر (بارش برسا) (بخاری:1014، مسلم:897)

مساکین سے محبت کی دعا

رسول اللہ ﷺ یہ دعا مانگا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مِسْكِيْنًا وَّاَمِتْنِيْ مِسْكِيْنًا وَّاحْشُرْنِيْ فِيْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ترجمہ اے اللہ! مجھ کو مسکین کے طور پر زندہ رکھ اور مسکین ہی کے طور پر موت دے اور قیامت کے دن مسکینوں کی جماعت میں اٹھا۔ (ترمذی:2352)

اضافہ، عزت وعظمت اور نعمتوں کے حصول کے لئے دعا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوئی (اور اس وقت آپ کی وہ کیفیت ہوگئی جو نزول وحی کے وقت ہو جایا کرتی تھی جب وہ کیفیت ختم ہوئی) تو آپ قبلہ رو ہو گئے اور ہاتھ اٹھا کر یہ دعا فرمائی۔

اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَاَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا

ترجمہ اے اللہ! ہمیں زیادہ عطا فرما اور اضافہ فرما، کمی نہ فرما اور ہمیں عزت وعظمت عطاء فرما ہماری اہانت و ذلت نہ فرما، ہمیں اپنی ہر طرح کی نعمتیں عطا فرما ہمیں محروم نہ فرما ہمیں اپنا لے ہمارے مقابلے میں دشمنوں کو ترجیح نہ دے ہم سے راضی ہو جا اور ہمیں خوش کر دے۔ (مسند احمد:223، ترمذی:3173)

(پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ المومنون کی پہلی 10 آیات تلاوت فرمائیں)

بدفالی سے کراہیت کی دعا

اَللّٰهُمَّ لَا طَيْرَ اِلَّا طَيْرُكَ وَلَا خَيْرَ اِلَّا خَيْرُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ

ترجمہ اے اللہ! نہیں ہے کوئی بدشگونی مگر تیری بدشگونی (یعنی تیرے حکم سے) اور نہیں ہے کوئی خیر مگر تیری خیر اور تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ (مسند احمد:7045)

بہترین شکر ادا کرنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ أَعِنَّا عَلٰى ذِكْرِكَ، وَشُكْرِكَ، وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

ترجمہ اے اللہ! اپنا ذکر، شکر اور بہترین عبادت کرنے پر ہماری مدد فرما (مسند احمد:7982)

ظاہری و باطنی اعضاء کے اصلاح کی دعا

اَللّٰھُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْیَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَیْنَنَا وَبَیْنَ مَعَاصِیْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ، وَمِنَ الْیَقِیْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَیْنَا مَصَائِبَ الدُّنْیَا اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّاتِنَا مَا اَحْیَیْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِیْبَتَنَا فِیْ دِیْنِنَا، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْیَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا غَایَةَ رَغْبَتِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَیْنَا مَنْ لَا یَرْحَمُنَا

ترجمہ اے اللہ! ہمیں اپنا ایسا خوف عطاء فرمائیے جس سے آپ ہمارے اور گناہوں کے درمیان حائل ہو جائیں اور ایسی اطاعت عطا فرمائیے جس کی وجہ سے آپ ہمیں اپنی جنت میں پہنچا دیں اور ایسا یقین عطا کیجئے جس سے آپ ہم پر دنیا کی مصیبتیں آسان فرما دیں اور اے اللہ! جب تک آپ ہمیں زندہ رکھیں تو ہمارے کان، ہماری آنکھیں اور ہماری تمام صلاحیتوں کو کام کرتا ہوا رکھئے اور اس کی خیر کو ہمارے بعد بھی باقی رکھئے اور جو ہم پر ظلم کرے اس سے ہمارا بدلہ لیجئے اور جو ہم سے دشمنی کرے اس پر ہمیں غلبہ دیجئے اور ہمیں دینی اعتبار سے مصیبت میں مبتلا نہ کیجئے اور دنیا کو ہمارے فکر کی سب سے بڑی چیز اور ہمارے علم کا مقصود اور ہماری رغبت کی آخری چیز نہ بنائیے اور جو ہم پر مہربان نہ ہو اسے ہمارا حاکم نہ بنائیے۔ (ترمذی: 3502، عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی: 446)

حاکموں کے شر سے بچنے کی دعا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی پر کوئی ایسا حاکم ہو جس کی سخت گیری یا اس کے ظلم سے وہ ڈرے تو چاہیئے کہ وہ کہے:

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ كُنْ لِّيْ جَارًا مِّنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَّاَحْزَابِهٖ مِنْ خَلَائِقِكَ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْيَطْغٰى، عَزَّجَارُكَ وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ (الادب المفرد للبخاری: 707)

ترجمہ: اے اللہ! ساتوں آسمانوں کے رب اور عرش عظیم کے رب! آپ میرے لئے فلاں بن فلاں سے اور اپنی مخلوق میں سے اس کے گروہوں سے اس بات سے بچنے کے لئے پناہ بن جائیں کہ ان میں سے کوئی بھی مجھ پر زیادتی یا سرکشی نہ کر سکے۔ آپ کی پناہ بہت مضبوط ہے اور آپ کی تعریف بڑی شان والی ہے اور آپ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔

اَللّٰھُمَّ كُنْ لِيْ جَارًا مِنْ شَرِّهِمْ، جَلَّ ثَنَاؤُكَ وَعَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ، وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ (الادب المفرد: 708)

ترجمہ: اے اللہ! ان کے شر سے میرے لئے پشت پناہ بن جا، تیری تعریف بڑی شان والی ہے اور تیری پناہ بہت مضبوط ہے اور تیرا نام بابرکت ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

ہر قسم کی خیر کے لئے دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَالَمْ اَعْلَمْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَالَمْ اَعْلَمْ اَللّٰھُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ بِهٖ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ اَللّٰھُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ، وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ، وَاَسْأَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَاءٍ قَضَيْتَهٗ لِيْ خَيْرًا

ترجمہ اے اللہ میں آپ سے ہر بھلائی کا سوال کرتا ہوں خواہ وہ ابھی ہو خواہ بعد میں ہو، چاہے مجھے اس کا علم ہے یا نہیں اور ہر برائی سے میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں، خواہ وہ برائی ابھی پیش آنے والی ہے یا بعد میں، خواہ مجھے اس کا علم ہے خواہ نہیں۔ اے اللہ میں آپ سے وہ سب بھلائیاں مانگتا ہوں جو آپ سے آپ کے بندے اور آپ کے نبی حضرت محمد ﷺ نے مانگی ہیں اور میں آپ سے ان تمام چیزوں کے شر سے پناہ مانگتا ہوں، جن سے آپ کے بندے اور آپ کے نبی حضرت محمد ﷺ نے پناہ مانگی ہے۔ اے اللہ میں آپ سے جنت مانگتا ہوں اور وہ قول و عمل مانگتا ہوں جو جنت کے قریب کر دے اور میں دوزخ سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں اور ہر اس قول و عمل سے بھی آپ کی پناہ مانگتا ہوں جو دوزخ سے قریب کر دے اور میں آپ سے سوال کرتا ہوں کہ آپ اپنا ہر فیصلہ میرے حق میں بہتر فرمائیں۔ (ابن ماجہ:3846)

دین، دنیا و آخرت کے سنوارنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاجْعَلِ الْحَيَاةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ

ترجمہ اے اللہ! تو میرے دین کو سنوار دے جو میرے کام کی حفاظت کرے اور میری دنیا بھی سنوارے رکھ جس میں میرا روزگار ہے اور میری آخرت بھی سنوار دے جہاں میں نے لوٹ کر جانا ہے اور میری زندگی کو بہت زیادہ بھلائیوں کا سبب بنا دے اور میری موت کو ہر قسم کی برائی سے راحت پانے کا سبب بنا دے۔ (مسلم:2720)

دنیا و آخرت کی بھلائیوں کی جامع دعا

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

ترجمہ اے اللہ! اے ہمارے رب! ہمیں دنیا اور آخرت کی بھلائی عطاء فرما اور آگ کے عذاب سے بچا لے۔ (بخاری:6389، مسلم:2690)

برے اعمال کے شر سے پناہ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِكَ مِنۡ مُنۡكَرَاتِ الۡاَخۡلَاقِ وَالۡاَعۡمَالِ وَالۡاَهۡوَآءِ

ترجمہ اے اللہ! بیشک میں برے اخلاق، برے اعمال اور بری خواہشات سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں۔ (ترمذی:3591)

ہر چیز کے شر سے پناہ

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَرَبَّ الۡاَرَضِيۡنَ وَرَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَیۡءٍ فَالِقَ الۡحَبِّ وَالنَّوٰی وَمُنۡزِلَ التَّوۡرَاةِ وَالۡاِنۡجِيۡلِ وَالۡقُرۡآنِ، اَعُوۡذُبِكَ مِنۡ شَرِّ كُلِّ ذِیۡ شَرٍّ اَنۡتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ، اَنۡتَ الۡاَوَّلُ فَلَيۡسَ قَبۡلَكَ شَیۡءٌ وَاَنۡتَ الۡاٰخِرُ فَلَيۡسَ بَعۡدَكَ شَیۡءٌ وَالظَّاهِرُ فَلَيۡسَ فَوۡقَكَ شَیۡءٌ وَّالۡبَاطِنُ فَلَيۡسَ دُوۡنَكَ شَیۡءٌ اِقۡضِ عَنِّی الدَّيۡنَ وَاَغۡنِنِیۡ مِنَ الۡفَقۡرِ

ترجمہ اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے رب، ہمارے رب اور تمام چیزوں کے رب، دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والے، تورات، انجیل اور قرآن نازل کرنے والے! میں ہر اس چیز کے شر سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں۔ جس پر آپ کا حکم چلتا ہے۔ اے اللہ! آپ ہی اول ہیں، پس آپ سے پہلے کوئی چیز نہیں۔ آپ ہی آخر ہیں۔ آپ کے بعد کوئی چیز نہیں۔ آپ ہی ظاہر ہیں۔ آپ سے اوپر کوئی چیز نہیں اور آپ ہی باطن ہیں، پس آپ سے آگے کوئی چیز نہیں میرا قرض ادا کر دیں اور مجھے فقیر سے غنی کر دیں۔ (ترمذی:3400)

غیر نافع علم سے پناہ کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا یَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا یَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَا یُسْتَجَابُ لَھَا

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں ایسے علم سے تیری پناہ لیتا ہوں جو نفع دینے والا نہ ہو اور ایسے دل سے جو ڈرنے والا نہ ہو اور ایسے نفس سے جو سیر ہونے والا نہ ہو اور ایسی دعا سے جو قبول ہونے والی نہ ہو۔ (مسلم:2722)

چار مضر چیزوں سے تحفظ کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ قَلْبٍ لَا یَخْشَعُ وَمِنْ دُعَاءٍ لَا یُسْمَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ عِلْمٍ لَا یَنْفَعُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ ھٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعِ (ترمذی:3482)

ترجمہ اے اللہ! اس دل سے جس میں خشوع نہ ہو، اس دعا سے جو مقبول نہ ہو، اس نفس سے جو سیر نہ ہو، اس علم سے جو نفع نہ دے۔ ان چاروں سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں۔

برے وقت سے تحفظ کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ یَوْمِ السُّوْءِ، وَمِنْ لَیْلَةِ السُّوْءِ، وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْءِ، وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْءِ، وَمِنْ جَارِ السُّوْءِ فِیْ دَارِ الْمُقَامَةِ

ترجمہ اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں برے دن سے، بری رات سے، برے لمحے سے، برے ساتھی اور مستقل قیام کے برے پڑوسی سے (المعجم الکبیر للطبرانی:294/17،810)

بدبختی سے پناہ مانگنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ جَھْدِ الْبَلَاءِ وَدَرْكِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ (بخاری:6347،مسلم:2707)

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں آزمائش کی مشقت سے اور بدبختی کے پالینے سے اور بری تقدیر سے اور دشمنوں کے خوش ہونے سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں۔

زوالِ نعمت سے پناہ مانگنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَآءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ (مسلم:2739، ابوداؤد:1545)

ترجمہ اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں تیری نعمت کے چھن جانے سے اور تیری عافیت کے پھر جانے سے اور تیرے ناگہانی عذاب سے اور تیرے ہر طرح کے غصے سے۔

قرضوں کے بوجھ، محتاجی اور ذلت سے پناہ مانگنے کی دعائیں

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے اوپر قرض کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم مندرجہ ذیل دعا پڑھا کرو۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ ایسی دعا ہے کہ تم پر احد پہاڑ جتنا قرض بھی ہو تو اللہ تعالیٰ اس کی ادائیگی کا تمہارے لئے انتظام فرمادے گا۔

قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا تُعْطِیْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُمَا وَتَمْنَعُ مَنْ تَشَآءُ اِرْحَمْنِیْ رَحْمَةً تُغْنِيْنِیْ بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ، اَللّٰھُمَّ اَغْنِنِیْ مِنَ الْفَقْرِ، وَاقْضِ عَنِّی الدَّيْنَ

ترجمہ کہہ دیجیے کہ اے اللہ آپ ہی ملک وحکومت کے مالک ہیں، آپ جسے چاہتے ہیں حکومت عطا کرتے ہیں اور جس سے چاہتے ہیں حکومت چھین لیتے ہیں، آپ کے پاس تو خیر ہی ہے، بیشک آپ ہی ہر چیز پر قادر ہیں اے دنیا وآخرت کے رحمن ورحیم آپ جسے چاہتے ہیں دنیا وآخرت کی نعمتیں عطا فرماتے ہیں اور جس سے چاہتے ہیں روک لیتے ہیں،

مجھ پر ایسی رحمت فرمائیے جو آپ کے سوا ہر کسی کے رحم و کرم سے مجھے بے نیاز کردے۔
اے اللہ! بے سروسامانی سے میری کفایت فرمائیے اور میرا قرض مجھ سے ادا کرادیجیے۔
(المعجم الکبیر للطبرانی:332، صحیح الترغیب والترہیب:1821)

مال کی کمی اور ذلت سے پناہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْقِلَّةِ وَالذِّلَّةِ وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ
(نسائی:5462، ابوداؤد:1544)

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں محتاجی سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں مال کی کمی اور ذلت سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ میں کسی پر ظلم کروں یا کوئی مجھ پر ظلم کرے

دشمن کے شر سے حفاظت کی دعا

اصحاب الاخدود کا واقعہ: وہ واقعہ جس میں لڑکے نے دشمن کے شر سے بچنے کیلئے دعا کی

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْهِمْ بِمَا شِئْتَ
(مسلم:3005)

ترجمہ: اے اللہ! مجھے ان (دشمنوں) کے مقابلے میں کافی ہو جا جس چیز کیساتھ بھی تو چاہے

دشمن کے شر سے پناہ کی دعا

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب کسی قوم سے کوئی اندیشہ یا خوف ہوتا تو اس طرح دعا کرتے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

ترجمہ: اے اللہ! ہم (اپنی حفاظت کے لئے) آپ کو ان دشمنوں کے مقابلے میں پیش کرتے ہیں اور ان کے شر سے آپ کی پناہ چاہتے ہیں۔
(ابوداؤد:1537)

مجلس میں ہونے والی کوتاہیوں کا کفارہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی ایسی مجلس میں بیٹھے جہاں فضول باتیں بہت ہوئی ہوں پھر اٹھنے سے پہلے مندرجہ ذیل کلمات کہے! تو اس شخص سے مجلس میں جو فضول باتیں اور گناہ ہوئے ہیں وہ معاف کر دیئے جائینگے

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ (ترمذی:3433،سنن ابی داؤد:4859)

ترجمہ اے اللہ! تو پاک ہے اپنی حمد کے ساتھ۔ میں گواہی دیتا ہوں تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ میں تجھ سے بخشش طلب کرتا ہوں اور تجھ سے توبہ کرتا ہوں۔

اعلیٰ مجلس کے حصول کی دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ وَاخْسِئْ شَيْطَانِيْ وَفُكَّ رِهَانِيْ وَاجْعَلْنِيْ فِي النَّدِيِّ الْاَعْلٰى

ترجمہ اے اللہ! میرے لئے میرا گناہ بخش دے اور میرے شیطان کو ذلیل کردے اور میری قید کو کھول دے اور مجھے اعلیٰ وارفع مجلس کا ہم نشین کر۔ (سنن ابی داؤد:5054)

اسم اعظم کے ساتھ دعا مانگنا

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو دعا کرتے ہوئے سنا اور وہ کہہ رہا تھا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ لَمْ يُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

ترجمہ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس سبب سے کہ آپ اللہ تعالیٰ ہیں تیرے سوا کوئی الٰہ نہیں، تو اکیلا ہے، اللہ سب سے بے نیاز ہے اور سب اس کے محتاج ہیں، نہ اس کی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے، اور کوئی اس کا ہمسر نہیں ہے۔

تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے یقیناً اس نے اللہ تعالیٰ سے اس کے اسم اعظم کے ساتھ سوال کیا ہے کہ جب اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا کی جائے تو وہ قبول کرتا ہے جب اس کے ساتھ اس سے مانگا جائے تو وہ عطا فرماتا ہے۔ (ترمذی:3475،ابوداؤد:1493،ابن ماجہ:3857)

اللہ کی بہترین حمد وثناء

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ یَا اللّٰهُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ، اَنْ تَغْفِرَلِیْ ذُنُوْبِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

(سنن ابی داؤد: 985)

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! تو ایک ہے، بے نیاز ہے، جس سے نہ کوئی پیدا ہوا اور نہ ہی وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کا کوئی ہمسر ہے، یہ کہ تو میرے لئے میرے گناہوں کو بخش دے، بے شک تو بہت بخشنے والا بہت رحم کرنے والا ہے

تیز ہوا چلنے پر دعا مانگنا

جب تیز ہوا چلتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰهُمَّ لَاقِحًا لَا عَقِیْمًا

(الادب المفرد: 718)

ترجمہ اے اللہ! اس ہوا کو برگ و بار لانے والی بنا، اسے بانجھ ہوا نہ بنا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو دعا دی

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ ذَنْبَهٗ وَطَهِّرْ قَلْبَهٗ وَحَصِّنْ فَرْجَهٗ

ترجمہ اے اللہ! اس کا گناہ معاف کر دے اور اس کے دل کو پاک کر دے اور اس کی شرمگاہ کو محفوظ کر دے۔

(مسند احمد: 22211)

نوٹ جب کسی اور کے لئے دعا مانگیں گے تو مندرجہ بالا دعا مانگیں گے لیکن جب ہم اپنے لئے دعا مانگیں گے تو اس طرح!

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ ذَنْبِیْ وَطَهِّرْ قَلْبِیْ وَحَصِّنْ فَرْجِیْ

ترجمہ اے اللہ میرا گناہ معاف کر دے اور میرے دل کو پاک کر دے اور میری شرمگاہ کو محفوظ کر دے۔

ثابت قدمی اور نعمتوں کا شکر ادا کرنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَالْعَزِيْمَةَ عَلَى الرُّشْدِ، وَاَسْاَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَاَسْاَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَاَسْاَلُكَ قَلْبًا سَلِيْمًا وَلِسَانًا صَادِقًا وَاَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّمَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ

(المعجم الکبیر للطبرانی: 7135)

ترجمہ اے اللہ! بیشک میں تجھ سے دین میں ثابت قدمی اور ہدایت میں پختگی کا سوال کرتا ہوں اور میں تجھ سے تیری رحمت کو واجب کرنیوالے اور تیری مغفرت کو لازم کرنے والے امور کا سوال کرتا ہوں، میں تجھ سے تیری نعمتوں کا شکر ادا کرنے اور اچھے انداز میں تیری عبادت کرنے کا سوال کرتا ہوں، میں تجھ سے سلامت دل اور سچی زبان کا سوال کرتا ہوں اور میں تجھ سے ہر اس بھلائی کا سوال کرتا ہوں جسے تو جانتا ہے اور ہر اس برائی سے تیری پناہ لیتا ہوں جو تیرے علم میں ہے اور میں تجھ سے ان تمام گناہوں کی بخشش کا سوال کرتا ہوں جو تیرے علم میں ہے، بے شک تو پوشیدہ باتوں کو خوب جاننے والا ہے۔

الفت، ہدایت، برکت اور نعمتوں کے شکر کی دعا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے انہیں سلام پھیرنے سے پہلے یہ دعا پڑھنے کے لئے سکھائی:

اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَاظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَبَارِكْ لَنَا فِیْ اَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا وَتُبْ

عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ
لِنِعْمَتِكَ مُثْنِيْنَ بِهَا قَابِلِيْهَا وَاَتِمَّهَا عَلَيْنَا

ترجمہ اے اللہ! ہمارے دلوں میں الفت ڈال دے اور ہمارے مابین اصلاح فرما اور ہمیں سلامتی کے راستوں کی ہدایت فرما۔ ہمیں اندھیروں سے نکال کر روشنی میں لے جا، ہمیں تمام کھلی اور پوشیدہ برائیوں سے بچا اور ہمارے لئے ہمارے کانوں، ہماری آنکھوں، ہمارے دلوں، ہماری بیویوں اور ہماری اولاد میں برکت عطا فرما اور ہمیں اپنے فضل وکرم سے نواز دے۔ بے شک تو ہی توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔ ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر گزار بنا، ان کی ثناء کرنے والا اور انہیں قبول کرنے والا بنا اور ہم پر انہیں مکمل فرما۔ (ابوداؤد:969)

آگ، قبر اور گناہوں سے پناہ کی دعا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی کبھی یہ دعائیں مانگا کرتے تھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ النَّارِ، وَعَذَابِ النَّارِ،
وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى،
وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ
الدَّجَّالِ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَایَایَ بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ
وَنَقِّ قَلْبِیْ مِنَ الْخَطَایَا كَمَا نَقَّیْتَ الثَّوْبَ الْاَبْیَضَ
مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَطَایَایَ كَمَا بَاعَدْتَّ
بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَسَلِ
وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَاْثَمِ (بخاری:6375،مسلم:589،مسند احمد:25727)

ترجمہ اے اللہ! آگ کی آزمائش اور عذاب سے محفوظ رکھ! قبر کی آزمائش اور عذاب سے محفوظ فرما، یا اللہ! امیری ہو یا غریبی دونوں کی آزمائش سے بچا۔ مسیح دجال کے فتنہ سے

بھی محفوظ فرمادے۔ یا اللہ میرے گناہ اپنی رحمت کے ٹھنڈے پانی سے جو اولوں کی طرح شفاف ہے دھو کر میرے دل کو دھلے ہوئے صاف کپڑے کی مانند گناہوں سے صاف فرما دے، یا اللہ، مجھ سے جو گناہ سرزد ہوتے رہے ہیں، اب ان کے اور میرے درمیان اتنی دوری ڈال دے جتنی مشرق و مغرب کے درمیان ہے، یا اللہ سستی سے اور انتہائی بڑھاپے سے اور قرض سے اور گناہوں سے اپنی حفاظت میں رکھ۔

آگ کے فتنے اور عذاب سے پناہ مانگنا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَالْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ النَّارِ وَعَذَابِ النَّارِ (بخاری:6368)

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ لیتا ہوں سستی اور انتہائی بڑھاپے اور گناہ اور قرض سے اور قبر کی آزمائش اور قبر کے عذاب اور آگ کی آزمائش اور آگ کے عذاب سے

عاجزی، سستی اور بزدلی سے پناہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَ الْبُخْلِ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں عاجزی سے اور سستی سے اور بزدلی سے اور بہت بڑھاپے سے اور بخل سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں اور میں قبر کے عذاب سے اور زندگی اور موت کے فتنوں سے حفاظت کے لئے آپ کی پناہ میں آتا ہوں۔ (مسلم:2706)

بخل، بزدلی، انتہائی بڑھاپا سے پناہ کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اُرَدَّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ

فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ (بخاری:2822،6374،6390،ترمذی:3567)

ترجمہ اے اللہ! میں بزدلی اور کنجوسی سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور اس بات سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں کہ مجھے رذیل عمر (زیادہ بڑھاپے) کی طرف پھیر دیا جائے اور اسی طرح میں دنیاوی فتنوں اور عذاب قبر سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں۔

ہر چیز کی بھلائی اور شر سے پناہ کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَمِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

ترجمہ اے اللہ! ہم آپ سے ہر اس چیز کی بھلائی کا سوال کرتے ہیں جس کا سوال آپ سے آپ کے نبی حضرت محمد ﷺ نے کیا ہے اور ہم آپ سے ہر اس چیز کے شر سے پناہ مانگتے ہیں جس کے شر سے آپکے نبی حضرت محمد ﷺ نے پناہ مانگی۔ آپ ہی سے مدد طلب کرتے ہیں، آپ ہی مرادوں کو پہنچاتے ہیں اور کسی برائی سے پھیرنے اور نیکی پر عمل کرنے کی طاقت اللہ ہی کی توفیق سے ہے۔ (ترمذی:3521)

نفاق اور بری عادتوں سے پناہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ

ترجمہ اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں بدبختی اور نفاق اور برے اخلاق سے۔ (ابوداؤد:1546)

تقویٰ کے حصول کی دعا

اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِیْ تَقْوٰهَا وَزَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا

ترجمہ اے اللہ تو میرے نفس کو پرہیزگاری عطاء فرما اور اس کو پاک کر، تو سب سے اچھا پاک صاف کرنے والا ہے، تو ہی اس نفس کا مولا اور آقا ہے۔ (مسلم:2722)

محبت الٰہی کے لئے دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِیْ يُبَلِّغُنِیْ حُبَّكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَمَالِیْ وَاَهْلِیْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ (ترمذی:3490)

ترجمہ اے اللہ! میں تیری محبت اور تیرے چاہنے والوں کی محبت مانگتا ہوں اور ایسے عمل کی توفیق چاہتا ہوں جو مجھے تیری محبت کی طرف لے جائے۔ الٰہی تو اپنی محبت میرے جان و مال اور اہل وعیال اور ٹھنڈے پانی سے زیادہ میرے لئے پسندیدہ بنا دے۔

حسن عمل اور محبت الٰہی کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ، وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ، وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَاَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِیْ وَاِذَا اَرَدْتَ فِتْنَةَ قَوْمٍ فَتَوَفَّنِیْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ وَاَسْاَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ، وَحُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُ اِلٰی حُبِّكَ

ترجمہ اے اللہ! میں آپ سے نیکیوں کے کرنے اور برائیوں کو چھوڑنے اور مسکینوں سے محبت کرنے (کی توفیق) کا سوال کرتا ہوں اور یہ سوال کرتا ہوں کہ آپ مجھے بخش دیں اور مجھ پر رحم فرما دیں اور جب آپ لوگوں کو آزمائش میں ڈالنے کا ارادہ کریں تو مجھے آزمائش میں ڈالے بغیر موت دے دیں اور میں آپ سے آپ کی محبت اور اس شخص کی محبت کا سوال کرتا ہوں جو آپ سے محبت کرتا ہو اور اس عمل کی محبت کا سوال کرتا ہوں جو آپ کی محبت کے قریب کردے۔ (ترمذی:3235، مسند احمد:22109)

دل کی استقامت کے لئے دعا

اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰی طَاعَتِكَ

ترجمہ اے دلوں کو پھیرنے والے میرے اللہ، ہمارے دلوں کو اپنی فرمانبرداری پر پھیر دے۔ (مسلم:2654)

اعمال کے شر سے پناہ کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَالَمْ اَعْمَلْ

ترجمہ اے اللہ! میں اپنے کیئے ہوئے اعمال کے شر سے اور ان اعمال کے شر سے جو میں نے ابھی تک نہیں کیئے آپ کی پناہ میں آتا ہوں۔ (مسلم:2716)

ایمان کی پختگی کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ صِحَّةً فِیْۤ اِیْمَانٍ وَّاِیْمَانًا فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ وَّنَجَاةً یَّتْبَعُهَا فَلَاحٌ وَّرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِیَةً وَّمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا

ترجمہ اے اللہ میں تجھ سے ایمان کی درستی کا طالب ہوں (یعنی کامل ایمان کا) اور اس ایمان کا جو اچھے اخلاق کے ساتھ ہو اور (دنیا میں) ایسی نجات کا جس کے بعد مکمل کامیابی نصیب ہو (یعنی آخرت میں) اور تیری ہی طرف سے خاص رحمت کا اور سلامتی کا اور معافی کا اور رضامندی کا طلب گار رہوں۔ (مسند احمد:8272، المعجم الاوسط للطبرانی:9333)

ایمان کی محبت اور گناہ سے نفرت کی دعا

اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَا الْاِیْمَانَ وَزَیِّنْهُ فِیْ قُلُوْبِنَا وَكَرِّهْ اِلَیْنَا الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِیْنَ

ترجمہ اے اللہ ہمارے دلوں میں ایمان کی محبت ڈال دے اور اس کو ہمارے دلوں کی زینت بنا دے اور ہمارے دلوں میں کفر کی، گناہ کی اور نافرمانی کی نفرت ڈال دے اور ہم کو نیک راہ پر چلنے والوں میں بنالے۔ (مسند احمد:15492)

نعمتوں کے شکر کی دعا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے ایک دعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سن کر یاد کی تھی (وہ دعا میں برابر پڑھتا ہوں) اس کو کبھی نہیں چھوڑتا۔ وہ یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ اُعَظِّمُ شُكْرَكَ وَاُكْثِرُ ذِكْرَكَ وَاَتَّبِعُ نُصْحَكَ وَاَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ

(ترمذی:3604)

ترجمہ: اے اللہ! مجھے ایسا کر دے کہ میں تیری نعمتوں کے شکر کی عظمت و اہمیت کو سمجھوں (تا کہ پھر شکر میں کوتاہی نہ کروں) اور تیرا ذکر کثرت سے کروں اور تیری نصیحتوں کی پیروی کروں اور تیری وصیتوں اور حکموں کو یاد رکھوں (اور ان کی تعمیل سے غفلت نہ برتوں)

باطن، ظاہر، اہل عیال کے لئے دعا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ایک دعا تعلیم فرمائی اور مجھ سے ارشاد فرمایا کہ اللہ کے حضور یوں عرض کیا کرو:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَرِيْرَتِيْ خَيْرًا مِّنْ عَلَانِيَتِيْ وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِيْ صَالِحَةً اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِي النَّاسَ مِنَ الْاَهْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ غَيْرِ الضَّالِّ وَالْمُضِلِّ

ترجمہ: اے اللہ! میرا باطن میرے ظاہر سے اچھا کر دے اور میرے ظاہر کو بھی صلاح سے آراستہ فرما دے۔ اے اللہ! تو لوگوں کو جو اہل وعیال اور مال و اولاد عطاء کرتا ہے، میں تجھ سے نیک صالح اہل وعیال اور مال و اولاد کا سوال کرتا ہوں جو نہ خود گمراہ ہوں اور نہ دوسروں کو گمراہ کرنے والے ہوں۔

(ترمذی:3586)

خوف خدا کے حصول کی دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ اَخْشَاكَ كَاَنِّيْ اَرَاكَ اَبَدًا حَتّٰى اَلْقَاكَ وَاَسْعِدْنِيْ بِتَقْوَاكَ وَلَا تُشْقِنِيْ بِمَعْصِيَتِكَ

ترجمہ اے اللہ! میرا حال ایسا کر دے کہ تیرے حضور میں حاضر ہونے تک (یعنی مرتے دم تک) تیرے قہر و جلال سے میں ہر وقت اس طرح ترساں و لرزاں رہوں کہ گویا ہر دم تجھے دیکھ رہا ہوں اور اپنے خوف و تقوے کی دولت نصیب فرما کر مجھے خوش بخت کر دے اور ایسا نہ ہو کہ تیری نافرمانی کر کے میں بدبختی میں مبتلا ہو جاؤں۔ (المعجم الاوسط للطبرانی:5982)

نفس مطمئنہ کے حصول کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ نَفْسًا بِكَ مُطْمَئِنَّةً تُؤْمِنُ بِلِقَآئِكَ وَتَرْضٰى بِقَضَآئِكَ وَتَقْنَعُ بِعَطَآئِكَ

ترجمہ اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں "نفس مطمئنہ" یعنی ایسا نفس جس کو تیری طرف سے اطمینان اور جمعیت کی دولت نصیب ہو اور مرنے کے بعد تیرے حضور حاضری کا اس کو کامل یقین ہو اور تیرے فیصلوں پر وہ راضی اور مطمئن ہو اور تیری طرف سے جو کچھ ملے وہ اس پر قانع ہو۔ (المعجم الکبیر للطبرانی:7490)

اسلام پر استقلال کی دعا

اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ قَائِمًا وَاحْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا وَاحْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا، وَلَا تُشْمِتْ بِیْ عَدُوًّا وَلَا حَاسِدًا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَیْرٍ خَزَائِنُهٗ بِیَدِكَ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ خَزَائِنُهٗ بِیَدِكَ

ترجمہ اے اللہ مجھے اٹھتے، بیٹھتے اور سوتے ہوئے بھی اسلام پر قائم رکھئے اور کسی دشمن اور حاسد کو میرے کسی حال پر خوش ہونے کا موقع نہ دیجئے، اے اللہ! میں آپ سے سب بھلائیوں کا سوال کرتا ہوں کہ بھلائیوں کے خزانے تیرے ہی پاس ہیں اور ہر برائی سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں کہ شر سے پناہ کے خزانے آپ ہی کے پاس ہیں۔

(مستدرک حاکم:1924، الدعاء للطبرانی:1445)

عفت وعزت اور ہدایت مانگنے کی دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡاَلُكَ الۡھُدٰی وَالتُّقٰی وَالۡعَفَافَ وَالۡغِنٰی

ترجمہ اے اللہ میں تجھ سے ہدایت، پرہیزگاری، پاکبازی اور تیرے سوا سب سے بے نیازی کا طالب ہوں۔ (مسلم:2721)

اَللّٰھُمَّ اھۡدِنِیۡ مِنۡ عِنۡدِكَ وَاَفِضۡ عَلَیَّ مِنۡ فَضۡلِكَ وَاَسۡبِغۡ عَلَیَّ مِنۡ رَّحۡمَتِكَ وَاَنۡزِلۡ عَلَیَّ مِنۡ بَرَکَاتِكَ

ترجمہ اے اللہ! مجھے وہ ہدایت دے جو تیری خاص ہدایت ہو اور میرے اوپر وہ فضل عطا کردے جو تیرا خاص فضل ہو اور مجھ پر اپنی رحمت کامل فرما اور اپنی برکتیں نازل فرما۔

(المعجم الکبیر للطبرانی:940،368/18)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ اِیۡمَانًا دَآئِمًا وَّھُدًی قَیِّمًا وَّعِلۡمًا نَّافِعًا

ترجمہ اے اللہ میں تجھ سے ہمیشہ رہنے والا ایمان، صحیح ہدایت اور نفع بخش علم مانگتا ہوں

(حلیۃ الاولیاء، ج:6،ص:179)

اَللّٰھُمَّ زَیِّنَّا بِزِیۡنَۃِ الۡاِیۡمَانِ وَاجۡعَلۡنَا ھُدَاۃً مُّھۡتَدِیۡنَ

ترجمہ اے اللہ تو ہمیں ایمان کی زینت سے آراستہ کردے اور راہ بتانے والا اور خود راہ یافتہ بنادے۔ (نسائی:1305)

اَللّٰھُمَّ اَلۡھِمۡنِیۡ رُشۡدِیۡ وَاَعِذۡنِیۡ مِنۡ شَرِّ نَفۡسِیۡ

ترجمہ یا اللہ! مجھے رشد وہدایت الہامی طور پر عنایت فرما اور مجھے میرے نفس کے شر سے محفوظ رکھ۔ (ترمذی:3483)

اَللّٰھُمَّ اھۡدِنِیۡ وَسَدِّدۡنِیۡ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ الۡھُدٰی وَالسَّدَادَ

ترجمہ یا اللہ! ہدایت بھی عنایت فرما اور سیدھا رہنے کی توفیق بھی مرحمت فرما۔ اے اللہ! میں آپ سے ہدایت اور راستی کا سوال کرتا ہوں۔ (مسلم:2725، مسند احمد:664)

نفس کے شر سے بچنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ، وَاَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ اے اللہ! میں آپ ہی کی رحمت کا امیدوار ہوں پس آپ مجھے پلک جھپکنے کی مقدار بھی میرے نفس کے حوالے نہ کیجئے اور میرے تمام معاملات درست کر دیجئے، معبود صرف آپ ہی ہیں۔ (ابوداؤد: 5090، مسند احمد: 20430)

چاند دیکھ کر یہ دعا کریں

اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ (ترمذی: 3451، مسند احمد: 1397)

ترجمہ یا اللہ! اس چاند کو ہمارے لئے برکت و ایمان کا ذریعہ بنادے اور سلامتی و اسلام کا سبب بنادے، اے چاند سن! تیرا میرا دونوں کا اللہ ایک ہی ہے۔

کسی بھی پریشانی، غم اور مصیبت سے چھٹکارے کی دعا

حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا جس بندے کو کوئی تکلیف پہنچے پھر وہ مندرجہ ذیل دعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے مصیبت پر اجر عطاء کرتے ہیں اور اس سے بہتر بدل عنایت فرماتے ہیں۔ وہ فرماتی ہیں کہ جب ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو میں نے وہی کلمات پڑھے جن کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا۔ (جو مندرجہ ذیل ہیں) پس اللہ تعالیٰ نے ان (حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ) سے بہتر شوہر (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) مجھے عطاء فرمایا۔

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ اَللّٰهُمَّ عِنْدَكَ اَحْتَسِبُ مُصِيْبَتِيْ فَاْجُرْنِيْ فِيْهَا وَاَبْدِلْنِيْ مِنْهَا خَيْرًا

ترجمہ ہم اللہ ہی کے لئے ہیں اور بے شک ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ اے اللہ

میں اپنی مصیبت میں آپ سے ثواب کی امید رکھتا ہوں، مجھے میری مصیبت میں ثواب عطا فرما اور اسکے عوض اس سے بہتر عطا فرما۔ (2:البقرۃ:156، مسلم:918، ترمذی:3511)

نوٹ یہ دعا بہت ہی مجرب ہے، خصوصاً کوئی چیز گم ہوجائے، کوئی نعمت زائل ہوجائے، کوئی چیز ٹوٹ جائے یا کوئی بھی جانی و مالی نقصان ہو تو اس وقت اس دعا کو اہتمام سے مانگیں اور اگر اس کے معنی پر غور کرتے ہوئے یہ دعا مانگی جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ دل کی تسلی بھی ہوجائے گی اور اس چیز کا بہتر بدل بھی اللہ تعالیٰ عنایت فرمائیں گے۔

غصہ دور کرنے کی دعا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ مجھے کوئی ایسی دعا بتا دیجئے جو میں مانگا کروں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا بتائی کہ تم اس کو پڑھتی رہو۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِيْ وَاَجِرْنِيْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَا اَحْيَيْتَنَا

ترجمہ اے اللہ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پروردگار! میرے گناہ بخش دے اور میرے دل سے غصہ کی عادت نکال دے اور جب تک تو ہمیں زندہ رکھے گمراہ کرنے والے فتنوں سے اپنی پناہ میں رکھ۔ (مسند احمد:26576)

علم سے نفع حاصل کرنے اور اضافہ کی دعا

اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ وَعَلِّمْنِيْ مَا يَنْفَعُنِيْ وَزِدْنِيْ عِلْمًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ اَهْلِ النَّارِ

(ابن ماجہ:251، ترمذی:3599)

ترجمہ یا اللہ! تو نے مجھے جتنا علم دیا ہے اسے میرے لئے نفع بخش بنا، مجھے مزید نفع بخش علم عنایت فرما اور میرے علم میں اضافہ فرما، اللہ جس حال میں بھی رکھے اسی حال پر اس کی حمد ہے، البتہ جہنم والوں کے حال سے میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

شادی شدہ جوڑے کو دینے کی دعائیں

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَھُمْ وَبَارِكْ عَلَيْھِمْ

ترجمہ اے اللہ! انہیں برکت دے اور ان پر برکت نازل فرما۔ (ابن ماجہ:1906)

شادی کی رات بیوی کے پاس جاتے وقت کی دعائیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی کے پاس جائے تو کہے

بِاسْمِ اللهِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا

ترجمہ اللہ کے نام کے ساتھ۔ اے اللہ! ہمیں شیطان سے بچا اور شیطان کو اس سے دور رکھ جو تو ہمیں عطاء فرمائے۔

تو ان کو جو اولاد ملے گی اسے شیطان نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ (بخاری:141)

حضرت شقیق رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ایک شخص جس کا نام ابو جریر تھا وہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور اس نے کہا کہ میں نے ایک نوجوان کنواری لڑکی سے شادی کی ہے۔ میں خوف زدہ ہوں کہ وہ مجھ سے نفرت کرے گی تو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: الفت اللہ کی طرف سے ہوتی ہے اور نفرت شیطان کی طرف سے ہوتی ہے۔ شیطان چاہتا ہے کہ تمہارے لئے اس چیز کو ناپسندیدہ کر کے دکھلائے جو اللہ نے تمہارے لئے حلال کی ہے۔ جب وہ تمہارے پاس آئے تو اسے کہنا کہ وہ تمہارے پیچھے کھڑی ہو کر 2 رکعت نماز پڑھے۔ اس کے بعد یہ دعا مانگیں۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْ اَھْلِيْ وَبَارِكْ لَھَا فِيَّ اَللّٰھُمَّ اجْمَعْ بَيْنَنَا مَا جَمَعْتَ بِخَيْرٍ وَفَرِّقْ بَيْنَنَا اِذَا فَرَّقْتَ اِلٰى خَيْرٍ

ترجمہ اے اللہ! میرے لئے میری بیوی میں برکت دے اور اس کے لئے مجھ میں برکت دے۔ اے اللہ! ہمیں اکٹھا رکھنا تو خیر پر اکٹھا رکھنا اور جب تو ہمارے درمیان جدائی ڈالے تو خیر کی طرف جدائی ڈالنا (مصنف ابن ابی شیبۃ:17156، المعجم الکبیر للطبرانی:8994)

بیوی کی پیشانی پکڑ کر دعا کرنا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی بیوی، خادم یا جانور حاصل کرے تو اس کی پیشانی پکڑ کر کہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِهَا وَخَيْرِ مَا جُبِلَتْ عَلَيْهِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جُبِلَتْ عَلَيْهِ

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے اس کی بھلائی مانگتا ہوں اور اس کی پیدائشی عادتوں کی بھلائی مانگتا ہوں اور اس کے شر سے اور اس کی پیدائشی عادتوں کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ (ابن ماجہ:1918)

برے پڑوسی، بری اولاد اور چال باز دوست سے پناہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ جَارِ السُّوْءِ وَمِنْ زَوْجٍ تُشَيِّبُنِیْ قَبْلَ الْمَشِيْبِ وَمِنْ وَلَدٍ يَكُوْنُ عَلَیَّ رَبًّا وَمِنْ مَالٍ يَكُوْنُ عَلَیَّ عَذَابًا وَمِنْ خَلِيْلٍ مَاكِرٍ عَيْنُهٗ تَرَانِیْ وَقَلْبُهٗ يَرْعَانِیْ اِنْ رَاٰی حَسَنَةً دَفَنَهَا وَ اِذَا رَاٰی سَيِّئَةً اَذَاعَهَا

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ لیتا ہوں برے پڑوسی سے اور ایسے زوج سے جو مجھے بڑھاپے سے پہلے بوڑھا کر دے اور ایسی اولاد سے جو میرا آقا بن بیٹھے اور ایسے مال سے جو میرے لئے باعث عذاب بن جائے اور ایسے چال باز دوست سے جس کی آنکھیں مجھے دیکھ رہی ہوں اور اس کا دل میری نگرانی کرتا ہوا گر وہ کوئی نیکی دیکھے تو اس کو دبا دے اور اگر کوئی برائی دیکھے تو اس کو نشر کر دے۔ (الدعاء للطبرانی:1339، سلسلۃ الصحیحۃ:3137)

علم و حکمت کی دعائیں

اَللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْكِتَابَ

ترجمہ اے اللہ! اسے کتاب (قرآن) کی تعلیم دے۔ (بخاری:75)

اَللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْحِكْمَةَ

ترجمہ اے اللہ! اسے حکمت (سنت) سکھا۔ (بخاری:3756)

اَللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ وَعَلِّمْهُ التَّاْوِيْلَ (مسند احمد:2397)

ترجمہ اے اللہ! اسے دین میں سمجھ عطاء فرما اور اسے (کتاب کی) تاویل وتفسیر سکھا۔

بچوں کو دعا دینا

حضرت عبداللہ بن جعفر کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑ کر بلند کیا اور تین بار فرمایا:

اَللّٰهُمَّ اخْلُفْ جَعْفَرًا فِيْ اَهْلِهٖ وَبَارِكْ لِعَبْدِ اللّٰهِ فِيْ صَفْقَةِ يَمِيْنِهٖ

ترجمہ اے اللہ! جعفر کے اہل خانہ کے معاملے میں تو (ان کا) خلیفہ بن جا اور عبداللہ کے دائیں ہاتھ (کے معاملے) میں برکت عطاء فرما۔ (مسند احمد:1750)

فضل اور رحمت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ فَاِنَّهٗ لَا يَمْلِكُهَا اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے تیرے فضل اور تیری رحمت کا سوال کرتا ہوں پس بے شک تیرے سوا اس کا کوئی مالک نہیں۔ (سلسلۃ الصحیحۃ:1543، المعجم الکبیر للطبرانی:10379)

ہمیشہ رہنے والی نعمتوں کی دعا

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ اَللّٰهُمَّ لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَ وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَ وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ النَّعِیْمَ الْمُقِیْمَ الَّذِیْ لَا یَحُوْلُ وَلَا یَزُوْلُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ النَّعِیْمَ یَوْمَ الْعَیْلَةِ وَالْاَمْنَ یَوْمَ الْحَرْبِ اَللّٰھُمَّ عَائِذًا بِكَ مِنْ سُوْءِ مَا اَعْطَیْتَنَا وَشَرِّ مَا مَنَعْتَ مِنَّا

ترجمہ اے اللہ! تیرے ہی لئے ہر قسم کی تعریف ہے، اے اللہ! جو تو پھیلا دے اسے کوئی سمیٹنے والا نہیں، جو تو دور کر دے تو کوئی اسے نزدیک کرنے والا نہیں، جسے تو نزدیک کر دے تو اسے کوئی دور کرنے والا نہیں، جس سے تو روک کے اسے کوئی دینے والا نہیں اور جسے تو دے اس کو کوئی روکنے والا نہیں۔ اے اللہ! ہم پر اپنی برکات، اپنی رحمت، اپنے فضل اور اپنے رزق کو پھیلا دے۔ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے ایسی نعمتیں مانگتا ہوں جو ہمیشہ قائم رہیں نہ (تیری اطاعت میں) حائل ہوں اور نہ زائل ہوں۔ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے تنگی کے دن کی نعمت اور جنگ کے دن کے امن کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! تیری پناہ میں آتا ہوں اس چیز کی برائی سے جو تو نے ہمیں عطاء کی اور اس چیز کے شر سے جو تو نے ہم سے روک لی۔ (الادب المفرد: 699)

آگ کے فتنہ اور فقر کے شر سے بچنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ النَّارِ وَعَذَابِ النَّارِ وَمِنْ شَرِّ الْغِنٰی وَ الْفَقْرِ

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ لیتا ہوں آگ کے فتنہ اور آگ کے عذاب سے اور مالداری اور فقر کے شر سے۔ (ابوداؤد: 1543)

دیئے جانے اور روکے جانے کے شر سے بچنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَ وَلَا بَاسِطَ لِمَا قَبَضْتَ وَلَا هَادِیَ لِمَنْ اَضْلَلْتَ وَلَا مُضِلَّ لِمَنْ هَدَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَ

وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اَعْطَيْتَنَا وَ شَرِّ مَا مَنَعْتَ مِنَّا

ترجمہ اے اللہ! جوتو پھیلا دے اسے کوئی سمیٹنے والا نہیں، جوتو سمیٹ لے اسے کوئی پھیلانے والا نہیں، جسے تو گمراہ کر دے اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں اور جسے تو دے اس کو کوئی روکنے والا نہیں۔ جسے تو دور کر دے اسے کوئی قریب کرنے والا نہیں اور جسے تو قریب کر دے اسے کوئی دور کرنے والا نہیں اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس چیز کے شر سے جو تو نے ہمیں دی اور اس چیز کے شر سے جو تو نے ہم سے روک لی۔ (ظلال الجنۃ للالبانی: 381)

بھوک سے پناہ مانگنا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهُ بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں بھوک سے تیری پناہ مانگتا ہوں پس بے شک وہ بہت بری ساتھی ہے اور میں خیانت سے تیری پناہ چاہتا ہوں، بے شک پوشیدہ خصلتوں میں سے یہ بہت بری خصلت ہے۔ (ابوداؤد: 1547)

خادم کی جگہ کفایت کرنے والی دعا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس خادم مانگنے آئیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے کہا کہ تم یہ کہو:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ، مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ، اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ، وَ اَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ، وَاَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ

شَیْءٌ، وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَیْسَ دُوْنَکَ شَیْءٌ، اِقْضِ عَنِّی الدَّیْنَ وَاَغْنِنِیْ مِنَ الْفَقْرِ (ترمذی:3481)

ترجمہ اے اللہ! اے ساتوں آسمانوں کے رب! اور عرش عظیم کے رب! ہمارے رب اور ہر چیز کے رب! تورات، انجیل اور قرآن کو نازل کرنے والے! دانے اور گٹھلی کو چیرنے والے! میں ہر اس چیز کے شر سے تیری پناہ لیتا ہوں جسے تو اس کی پیشانی کے بالوں سے پکڑنے والا ہے، تو سب سے پہلے ہے تجھ سے پہلے کوئی نہیں اور تو ہی آخر ہے پس تیرے بعد کوئی نہیں اور تو ہی ظاہر ہے پس تجھ سے اوپر کوئی نہیں اور تو ہی باطن ہے پس تجھ سے پوشیدہ تر کوئی چیز نہیں، مجھ سے قرض ادا کر دے اور مجھے فقر سے (نجات دیکر) غنی کر دے

گھریلو معاملات میں درست فیصلہ کرنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اَسْتَھْدِیْكَ لِاَرْشَدِ اَمْرِیْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ

ترجمہ اے اللہ! میں تجھ سے اپنے معاملات میں رشد و ہدایت کا طلب گار ہوں اور میں اپنے نفس کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ (مسند احمد:16269)

زیادہ بھلائی والے کام کی دعا

اَللّٰھُمَّ قِنِیْ شَرَّ نَفْسِیْ وَاعْزِمْ لِیْ عَلٰی اَرْشَدِ اَمْرِیْ

ترجمہ اے اللہ! مجھے میرے نفس کے شر سے بچا اور اس کام پر میری مدد فرما جو زیادہ بھلائی والا ہو۔ (مسند احمد:19992)

زبان کی ثابت قدمی اور دل کی ہدایت کی دعا

اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ لِسَانَهٗ وَاھْدِ قَلْبَهٗ (مسند احمد:882)

ترجمہ اے اللہ! اس کی زبان کو ثابت قدم رکھ اور اس کے دل کو ہدایت بخش۔

گھر والوں کے حقوق ادا کر کے اللہ سے دعا کرنا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (اپنی ازواج کے مابین) تقسیم کرتے تو عدل کرتے اور فرمایا کرتے:

اَللّٰهُمَّ هٰذَا قَسْمِي فِيمَا اَمْلِكُ فَلَا تَلُمْنِي فِيمَا تَمْلِكُ وَلَا اَمْلِكُ

ترجمہ اے اللہ! یہ میری تقسیم ہے جو میرے بس میں ہے اور اس بات میں مجھے ملامت نہ فرمانا جس کا تو مالک ہے (یعنی دل کا میلان) اور میرا اس پر اختیار نہیں۔ (ابوداؤد:2134)

کام میں آسانی کی دعا

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا، وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ اِذَا شِئْتَ سَهْلًا

ترجمہ اے اللہ! کوئی کام آسان نہیں مگر وہی جسے تو آسان کر دے اور تو جب چاہتا ہے غم کو آسان کر دیتا ہے۔ (ابن حبان:974، الدعوات الکبیر:265، سلسلۃ الصحیحۃ:2886)

اپنا کوئی نیک عمل بتا کر اللہ کو پکارنا

اَللّٰهُمَّ فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّي قَدْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا مِنْهَا

ترجمہ اے اللہ! اگر تیرے علم کے مطابق میں نے یہ کام تیری رضا حاصل کرنے کے لئے کیا تھا تو تو ہمارے لئے اس میں کشادگی پیدا کر دے۔ (بخاری:5974)

حُسن اخلاق کی دعا

اَللّٰهُمَّ كَمَا اَحْسَنْتَ خَلْقِي فَحَسِّنْ خُلُقِي

ترجمہ اے اللہ! آپ نے جیسے میری صورت اچھی بنائی اسی طرح میری سیرت بھی اچھی بنا دیں۔ (مسند احمد:24392)

نوٹ یہ دعا عام مواقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔ آئینہ دیکھنے کیلئے مخصوص نہیں

گناہوں سے معافی اور حسن اخلاق کے حصول کی دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي ذُنُوبِي وَ خَطَايَايَ كُلَّهَا، اَللّٰهُمَّ انْعِشْنِي،

وَاجْبُرْنِيْ، وَاهْدِنِيْ لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ،
اِنَّهٗ لَا يَهْدِيْ لِصَالِحِهَا، وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ اے اللہ! میرے گناہوں اور میری تمام خطاؤں کو معاف فرما۔ اے اللہ! مجھے تندرست کر دے۔ میری کمیاں پوری کر دے اور نیک اعمال اور اخلاق کے لئے میری رہنمائی فرما کیونکہ تیرے سوا ان کی نیکی کی طرف کوئی رہنمائی نہیں کرسکتا اور ان کی برائی کو دور نہیں کرسکتا۔ (عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی :116)

اعمال سے شر سے پناہ کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلَتْهُ نَفْسِيْ

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں ان اعمال کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں جو میرے نفس نے کئے ہیں۔ (مسند احمد:24033)

جس پر کوئی زیادتی کی ہو اس کے لئے دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتَّخِذُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَنْ تُخْلِفَنِيْهِ فَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ فَاَيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ آذَيْتُهٗ شَتَمْتُهٗ لَعَنْتُهٗ جَلَدْتُهٗ فَاجْعَلْهَا لَهٗ صَلَاةً وَزَكَاةً وَقُرْبَةً تُقَرِّبُهٗ بِهَا اِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے عہد کرتا ہوں تو ہرگز اس (وعدے) کے خلاف نہیں کرتا، میں تو صرف ایک انسان ہوں تو جس مومن کو میں نے تکلیف دی، اسے برا کہا، اس پر لعنت کی، اسے سزا دی تو تو اسے اس کے لئے رحمت اور پاکیزگی اور ایسا قرب کا باعث بنا دے کہ وہ قیامت کے دن اس کے ذریعے تیرے قریب ہو۔ (مسلم:2601)

دوسروں کے دل کی ہدایت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اهْدِ قَلْبَهٗ وَثَبِّتْ لِسَانَهٗ (ابن ماجہ:2310)

ترجمہ اے اللہ! اس کے دل کو ہدایت دے اور اس کی زبان کو (صحیح بات پر) قائم فرما۔

دجال کے فتنوں سے پناہ کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْاَعْوَرِ الْكَذَّابِ

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں قبر کے عذاب سے تیری پناہ میں آتا ہوں، اے اللہ! بے شک میں ظاہری اور باطنی فتنوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اے اللہ! بے شک میں اس کانے دجال کے فتنے سے تیری پناہ میں آتا ہوں جو بہت بڑا جھوٹا ہے (مسند احمد:2778)

آگ سے پناہ کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ كَفَانِىْ وَاٰوَانِىْ وَاَطْعَمَنِىْ وَسَقَانِىْ وَالَّذِىْ مَنَّ عَلَىَّ فَاَفْضَلَ وَالَّذِىْ اَعْطَانِىْ فَاَجْزَلَ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ، اَللّٰهُمَّ رَبَّ كُلِّ شَىْءٍ وَمَلِيْكَهٗ وَاِلٰهَ كُلِّ شَىْءٍ اَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ

ترجمہ تمام تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے میری کفایت کی اور مجھے رہنے کو جگہ دی، مجھے کھلایا اور مجھے پلایا اور وہ ذات جس نے مجھ پر احسان کیا تو بہت زیادہ کیا اور جس نے مجھے دیا تو خوب دیا۔ ہر حال میں اللہ ہی کی تعریف ہے۔ اے اللہ! ہر چیز کے پالنے والے اور اس کے مالک! اور ہر چیز کے معبود میں آگ سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ (ابوداؤد:5058)

ایمان اور جنت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رفاقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ اِيْمَانًا لَّا يَرْتَدُّ وَنَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَمُرَافَقَةَ مُحَمَّدٍ فِىْ اَعْلٰى جَنَّةِ الْخُلْدِ

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے ایسے ایمان کا سوال کرتا ہوں جس میں کبھی ارتداد نہ آئے، ایسی نعمتوں کا سوال کرتا ہوں جو کبھی ختم نہ ہوں اور ہمیشہ کی جنت کے بلند حصے میں محمد ﷺ کی رفاقت کا سوال کرتا ہوں۔ (مسند احمد:4340)

ہوا (آندھی) چلنے پر خیر کا سوال کرنا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَخَیْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا فِیْھَا وَشَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے اس (ہوا) کی خیر اور جو کچھ اس میں ہے اسکی خیر اور جو اسکے ذریعے بھیجا گیا ہے اس کی بھی خیر مانگتا ہوں اور میں اس کے شر اور جو کچھ اس میں ہے اس کے شر اور جو شر اس کے ذریعے بھیجا گیا ہے اس سے تیری پناہ لیتا ہوں (مسلم:899)

دشمن کے شر سے بچنے کی دعا

رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ وَامْكُرْ لِیْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَیَّ وَاھْدِنِیْ وَیَسِّرْ ھُدَایَ اِلَیَّ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ بَغٰی عَلَیَّ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ لَكَ شَاكِرًا لَكَ ذَاكِرًا لَكَ رَاھِبًا لَكَ مِطْوَاعًا اِلَیْكَ مُخْبِتًا اَوْ مُنِیْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَاھْدِ قَلْبِیْ وَسَدِّدْ لِسَانِیْ وَاسْلُلْ سَخِیْمَةَ قَلْبِیْ (ابوداؤد:1510)

ترجمہ اے میرے رب! میری مدد فرما، میرے خلاف کسی کی مدد نہ کر، میری نصرت فرما، میرے خلاف کسی کی نصرت نہ کر۔ میرے حق میں تدبیر فرما، میرے خلاف تدبیر نہ کر۔ میری رہنمائی فرما اور ہدایت کو میرے لئے آسان فرما دے اور جو میرے خلاف بغاوت کرے اس کے مقابلے میں میری مدد فرما۔ اے اللہ! مجھے اپنا شکر گزار، اپنا ذکر نے والا، تجھی سے ڈرنے والا، تیرا از حد اطاعت گزار اور بہت ہی تواضع کرنے والا یا بار بار پلٹ کر

آنے والا بنا دے۔ اے میرے رب! میری توبہ قبول کر لے، میری خطائیں دھو ڈال، میری دعا قبول فرما، میری حجت قائم فرما دے، میرے دل کو ہدایت دے، میری زبان کو (حق پر) مستقیم رکھ اور میرے دل کے میل کچیل (بغض، حسد اور کینہ وغیرہ) کو نکال دے

لاعلمی کی بات کرنے سے پناہ مانگنا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ وَاَنَا اَعْلَمُ، وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ میں جان بوجھ کر تیرے ساتھ کسی کو شریک کروں اور جو میں نہیں جانتا ہوں اس کے لئے تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں۔ (الادب المفرد:716)

فتنوں سے بچنے کے لئے موت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْاَلُكَ عَمَلًا بِالْحَسَنَاتِ وَتَرْكًا لِلْمُنْكَرَاتِ، وَاِذَا اَرَدْتَ فِیْ قَوْمٍ فِتْنَةً وَاَنَا فِیْهِمْ فَاقْبِضْنِیْ اِلَیْكَ غَیْرَ مَفْتُوْنٍ

ترجمہ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے نیکیاں کرنے اور برائیوں کو ترک کر دینے کا سوال کرتا ہوں اور جب تو لوگوں کو فتنے میں مبتلا کرنا چاہے اور میں اس میں موجود ہوں تو مجھے فتنے سے بچا کر اپنے پاس بلا لینا۔ (الدعاء للطبرانی:1416)

جس مومن کو برا بھلا کہا ہو اس کے لئے دعا

اَللّٰهُمَّ فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ سَبَبْتُهُ فَاجْعَلْ ذٰلِكَ لَهُ قُرْبَةً اِلَیْكَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

ترجمہ اے اللہ! میں نے جس مومن کو بھی برا بھلا کہا ہو تو اس کے لئے اسے قیامت کے دن اپنی قربت کا ذریعہ بنا دے۔ (بخاری:6361)